# جین زی کے سوالوں سے حکومت کو بچانے سنگھ آیا آگے؟

ڈاکٹر مظفر حسین غزالی



راشٹریہ سویم سیوک سنگھ کے سربراہ موہن بھاگوت کا یہ کہنا کہ ’’جین زی کی شکایات جائز ہیں‘‘، احتجاج جمہوریت میں مکالمے کا ایک جائز ذریعہ ہے اور احتجاج کرنے والے نوجوانوں کو ملک دشمن نہیں کہا جاسکتا، بظاہر نئی نسل کے حق میں ایک مثبت اور جمہوری موقف ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ نئی نسل پہلے کی نسلوں سے مختلف ہے، وہ سوال کرتی ہے اور اپنے سوالوں کے منطقی جواب چاہتی ہے۔ احتجاج کا مقصد اتفاقِ رائے پیدا کرنا ہونا چاہیے، سماج کو تقسیم کرنا نہیں۔ یہ بیان یقیناً قابلِ ستائش معلوم ہوتا ہے، لیکن اس کے ساتھ ایک بنیادی سوال بھی پیدا ہوتا ہے: کیا یہ واقعی جین زی کو سمجھنے کی کوشش ہے یا اس کے ذریعے حکومت کو ان بنیادی سوالوں سے بچانے کا سیاسی راستہ ہموار کیا جارہا ہے جو آج نوجوان براہِ راست حکومت سے پوچھ رہے ہیں؟

جھارکھنڈ میں JPSC اور JSSC کی مبینہ بے ضابطگیوں کے خلاف جاری طلبہ تحریک نے اس سوال کو مزید اہم بنا دیا ہے۔ 25 جولائی سے جاری پُرامن احتجاج 10 اگست کو اس وقت شدید ہوگیا جب اے بی وی پی اور بی جے پی سے وابستہ نوجوان بھی احتجاج میں شامل ہوئے اور مظاہرین کو اسمبلی کی طرف مارچ کرنے پر آمادہ کیا۔ پولیس نے بھیڑ کو قابو کرنے کے لیے آنسو گیس، پانی کی بوچھار اور لاٹھی چارج کا استعمال کیا۔ اس دوران مظاہرین اور پولیس اہلکاروں کے زخمی ہونے کی اطلاعات بھی سامنے آئیں۔ دراصل مسئلہ یہ نہیں کہ جین زی احتجاج کیوں کر رہی ہے۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ اس کے سوالوں کا جواب کون دے گا؟ اس سے بھی بڑا سوال یہ ہے کہ کیا حکومت سے جواب طلب کرنے والے نوجوانوں کے سامنے ’’مکالمے‘‘ کا ایسا پردہ کھڑا کیا جارہا ہے جس کے پیچھے اصل جواب دہی کا سوال غائب ہوجائے؟

آج کا نوجوان محض حکومت سے ناراض نہیں، بلکہ اپنے مستقبل کے بارے میں فکرمند ہے۔ ایک نوجوان برسوں تک مسابقتی امتحان کی تیاری کرتا ہے۔ خاندان اپنی محدود آمدنی میں اس کی تعلیم، کوچنگ، کتابوں اور رہائش پر خرچ کرتا ہے۔ نوجوان اپنی عمر کے بہترین سال ایک امتحان کے لیے وقف کردیتا ہے۔ پھر اگر اسے امتحانی عمل میں مبینہ بے ضابطگی، سوالیہ پرچے کے افشا، نتیجے میں غیر شفافیت یا انتخابی عمل پر شک نظر آئے تو اس کے سامنے صرف ایک انتظامی مسئلہ نہیں رہتا۔ اس کے سامنے یہ سوال کھڑا ہوجاتا ہے کہ کیا میری محنت کا کوئی مطلب ہے؟

یہی وہ مقام ہے جہاں جھارکھنڈ کا احتجاج محض JPSC یا JSSC کا معاملہ نہیں رہتا۔ یہ ملک کے نوجوانوں کے اعتماد کا مسئلہ بن جاتا ہے۔ جین زی حکومت سے پوچھ رہی ہے کہ امتحان شفاف کیوں نہیں؟ اگر گڑبڑی ہوئی ہے تو ذمہ دار کون ہے؟ اگر شکایات درست ہیں تو کارروائی کب ہوگی؟ اور اگر حکومت کے مطابق شکایات بے بنیاد ہیں تو آزادانہ تحقیقات کے ذریعے یہ ثابت کیوں نہیں کیا جاتا؟ یہ سوالات کسی سیاسی جماعت نے پیدا نہیں کیے؛ یہ نوجوانوں کے مستقبل سے پیدا ہوئے ہیں۔ دہلی اور جھارکھنڈ کے واقعات نے یہ سوال بھی کھڑا کیا ہے کہ کیا حکومت نوجوانوں کے سوال کا جواب دے گی یا پولیس کے ذریعے ان کی آواز کو خاموش کرے گی؟ قانون و نظم برقرار رکھنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اگر مظاہرین تشدد کریں تو پولیس کارروائی ناگزیر ہوسکتی ہے، لیکن پُرامن احتجاج اور تشدد کے درمیان فرق کرنا بھی ریاست کی ذمہ داری ہے۔ کیونکہ لاٹھی احتجاج کو منتشر کرسکتی ہے، شکایت کو ختم نہیں کرسکتی۔ جھارکھنڈ حکومت نے بات چیت کا راستہ اختیار کرنے کی بات کی ہے اور اس کے مطابق متعدد مطالبات پر پہلے ہی غور یا کارروائی کی جاچکی ہے۔ JPSC کا امتحان منسوخ کیا گیا ہے اور جھارکھنڈ پبلک سروس کمیشن کے سابق چیئرمین ایل کھیانگتے کو امتحان میں گڑبڑی کے معاملے میں گرفتار کیے جانے کی اطلاع ہے۔ حکومت اور احتجاج کرنے والے طلبہ کے درمیان مذاکرات بھی شروع ہوئے ہیں۔ یہ پیش رفت خوش آئند ہے، لیکن سوال پھر وہی ہے کہ بات چیت کا نتیجہ کیا ہوگا؟

کیا حکومت مطالبات کا تحریری جواب دے گی؟ کیا آزادانہ تحقیقات ہوں گی؟ کیا امتحانی اداروں کی ذمہ داری طے کی جائے گی؟ کیا پولیس کارروائی کا غیر جانب دارانہ جائزہ لیا جائے گا؟ اور کیا آئندہ امتحانات کے لیے ایسا نظام بنایا جائے گا جس پر نوجوان اعتماد کرسکیں؟ اگر ان سوالوں کے واضح جواب نہیں ملتے تو مکالمہ صرف وقتی سیاسی دباؤ کم کرنے کا ذریعہ بن کر رہ جائے گا۔ یہیں موہن بھاگوت کے بیان کا دوسرا پہلو سامنے آتا ہے۔ اگر جین زی کے سوال جائز ہیں تو ان سوالوں کے جواب بھی ضروری ہیں۔ اگر احتجاج جمہوریت کا جائز حق ہے تو حکومت کا طرزِ عمل بھی جمہوری ہونا چاہیے۔ اگر احتجاج کرنے والے نوجوان ملک دشمن نہیں ہیں تو ان کے مطالبات کو سیاسی سازش قرار دے کر مسترد نہیں کیا جانا چاہیے۔ اور اگر نئی نسل منطقی جواب چاہتی ہے تو اسے محض ’’ہم آپ سے بات کریں گے‘‘ نہیں، بلکہ حقائق، اعداد و شمار، تحقیقات اور عملی کارروائی چاہیے۔

احتجاج کو جمہوری حق تسلیم کرنا اور حکومت کو جواب دہ بنانا ایک دوسرے کی ضد نہیں، بلکہ لازم و ملزوم ہیں۔ اگر احتجاج جائز ہے تو اس کے اسباب کی تحقیقات بھی ضروری ہیں۔ اگر نوجوانوں کی شکایات جائز ہیں تو ان کے ازالے کی ذمہ داری بھی کسی پر عائد ہونی چاہیے۔ اگر نظام میں خامی ہے تو اصلاح ہونی چاہیے، اور اگر کسی سطح پر بدعنوانی یا مجرمانہ غفلت ہوئی ہے تو ذمہ داروں کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ صرف نوجوانوں کو ’’برداشت‘‘ کرنے کی تلقین کافی نہیں۔ حکومت کو بھی اپنے فیصلوں، اداروں اور انتظامی کارکردگی کے بارے میں جواب دینا ہوگا۔ جین زی کو ’’غصے کی نسل‘‘ کہہ کر نظرانداز کرنا خطرناک ہے۔ نوجوانوں کے احتجاج کو محض جذباتی ردعمل سمجھنا بھی بڑی غلطی ہوگی۔ غصہ اکثر کسی طویل ناانصافی کا آخری اظہار ہوتا ہے۔ جب شکایات بار بار کی جائیں اور جواب نہ ملے تو دھرنا پیدا ہوتا ہے؛ دھرنے سے مسئلہ حل نہ ہو تو احتجاج جنم لیتا ہے؛ احتجاج کو بھی نظرانداز کیا جائے تو تحریک بنتی ہے، اور تحریک پر طاقت استعمال کی جائے تو غصہ مزید شدید ہوسکتا ہے۔ جھارکھنڈ میں بی جے پی نے پولیس کارروائی کے خلاف ریاست گیر بند کی اپیل کی اور اس کے رہنماؤں نے طلبہ کے ساتھ ہونے والی کارروائی کو بڑا مسئلہ بنایا۔ 11 اگست کو اے بی وی پی کارکنوں نے بھی اسمبلی کی طرف مارچ کیا اور متعدد کارکنوں کو حراست میں لیا گیا۔ لیکن سوال یہ ہے کہ یہی سیاسی قوتیں ان نوجوانوں کے حق میں اسی شدت سے کیوں نہیں بولتیں جو مرکزی حکومت یا قومی اداروں سے سوال کرتے ہیں؟ اگر طلبہ کا احتجاج جمہوری حق ہے تو یہ حق حکومت کی سیاسی وابستگی دیکھ کر تبدیل نہیں ہوسکتا۔

جھارکھنڈ کے واقعات بھگوا بریگیڈ کے لیے اصل آزمائش ہیں۔ ایک طرف بی جے پی ریاستی حکومت کو طلبہ کے ساتھ مبینہ سخت رویے پر گھیر رہی ہے، دوسری طرف آر ایس ایس سربراہ کہہ رہے ہیں کہ احتجاج جمہوریت کا جائز حصہ ہے اور نئی نسل کو سنا جانا چاہیے۔ اگر یہ دونوں باتیں اصولی ہیں تو پھر ان کا اطلاق ہر جگہ یکساں کیوں نہیں؟ جمہوریت میں اصول پارٹی دیکھ کر تبدیل نہیں ہونے چاہئیں۔ نوجوان جب کسی مخالف جماعت کی حکومت کے خلاف احتجاج کرے تو اس کی آواز اہم ہے، اور جب وہ مرکزی حکومت یا قومی اداروں سے سوال کرے تو بھی اس کی آواز اتنی ہی اہم ہونی چاہیے۔ NEET-UG کے تنازع نے پہلے ہی یہ دکھا دیا ہے کہ ملک کے امتحانی نظام پر نوجوانوں کا اعتماد کتنا نازک ہوچکا ہے۔ جھارکھنڈ میں JPSC اور JSSC کا تنازع اسی بڑے بحران کا ایک ریاستی اظہار ہے۔ نوجوان یہ یقین چاہتا ہے کہ امتحان میں اس کی محنت ہی اس کی کامیابی کا اصل معیار ہوگی۔ اگر اس سوال کا جواب ’’ہاں‘‘ نہیں ہے تو مسئلہ محض امتحانی انتظام کا نہیں، ریاست کی ساکھ کا ہے۔

امتحانی نظام کو محفوظ بنانے کے لیے جدید ڈیجیٹل طریقے ضرور اختیار کیے جاسکتے ہیں، لیکن کوئی بھی ٹیکنالوجی اس وقت تک مکمل حل نہیں بن سکتی جب تک اداروں کے اندر جواب دہی نہ ہو۔ سوالیہ پرچہ محفوظ رکھنے کا نظام بنانا کافی نہیں؛ یہ بھی طے ہونا چاہیے کہ نظام ناکام ہونے کی صورت میں ذمہ دار کون ہوگا۔ نوجوان دراصل صرف ایک امتحان کے خلاف نہیں لڑ رہا۔ وہ اس تصور کے خلاف لڑ رہا ہے کہ اس کا مستقبل کسی مبینہ بدعنوانی، سفارش، سیاسی اثر و رسوخ یا انتظامی نااہلی کے ہاتھوں یرغمال بن سکتا ہے۔ اس لیے اس احتجاج کو محض ’’روزگار کا احتجاج‘‘ کہنا بھی ناکافی ہے۔ یہ مواقع کی مساوات، میرٹ پر اعتماد، ریاستی اداروں کی ساکھ اور نوجوان کے مستقبل پر اس کے حق کا احتجاج ہے۔

جمہوریت میں حکومت کو احتجاج سے ڈرنا نہیں چاہیے۔ حکومت کو اس دن سے ڈرنا چاہیے جب نوجوان یہ سمجھنے لگے کہ اس کی بات سڑک پر آئے بغیر سنی ہی نہیں جائے گی۔ اب آر ایس ایس سمیت ہر بااثر سیاسی و سماجی قوت کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ نوجوان کے سوال کے ساتھ کھڑی ہے یا اس سوال اور حکومت کے درمیان کھڑی ہونے والی دیوار کے ساتھ۔ جین زی کو سرٹیفکیٹ نہیں، انصاف چاہیے۔ اسے تسلی نہیں، شفافیت چاہیے۔ اسے خاموشی نہیں، جواب چاہیے۔ اور اسے مکالمے کے نام پر وقت نہیں، اپنے مستقبل کے بارے میں یقین چاہیے۔ یہی جھارکھنڈ اور ملک کے دوسرے حصوں میں نوجوانوں کے احتجاج کا اصل پیغام ہے۔ سوال یہ نہیں کہ نوجوان احتجاج کیوں کر رہا ہے، اصل سوال یہ ہے کہ کیا حکومت اس کے سوال کا جواب دینے کے لیے تیار ہے؟

9810371907

# تاج محل ہی محفوظ نہیں، تو پھر بچا کیا؟

رشمی سہگل

مغل وراثت پر وزیر اعظم نریندر مودی کی ذاتی رائے جو بھی ہو، اس سچ سے منہ نہیں موڑ سکتے کہ تاج محل ہندوستان کی عالمی شناخت رکھنے والی سب سے محبوب تاریخی وراثت ہے۔ محبت اور فن تعمیر کی یہ بے مثال علامت ملک کی 145 ٹکٹ پر مبنی یادگاروں میں سب سے زیادہ آمدنی کرنے والی عمارت ہے، جہاں ہر سال 70 لاکھ سے زیادہ سیاح آتے ہیں۔ پھر ایسا کیا ہوا کہ سپریم کورٹ کو تاج کی حفاظت سے متعلق اپنے ہی دہائیوں پرانے حکم کو تبدیل کرنا پڑا؟

گزشتہ ماہ چیف جسٹس سوریہ کانت کی صدارت والی بنچ نے اکتوبر 2024 کے اس حکم میں ترمیم کر دی، جس نے عدالت کی پیشگی اجازت کے بغیر ’تاج ٹریپیزیم زون‘ (ٹی ٹی زیڈ) میں کسی بھی نئی صنعتی سرگرمی پر موثر پابندی عائد کر رکھی تھی۔ آگرہ، متھرا سمیت اتر پردیش اور راجستھان کے آس پاس کے اضلاع میں پھیلے 10,400 مربع کلومیٹر کے محفوظ علاقے میں نئی صنعتیں لگانے کی اجازت مانگنے والے ایم ایس ایم ای کی 410 زیر التوا درخواستوں کو اب منظوری کے عمل میں شامل کرنے کی اجازت دے دی گئی ہے۔

اتر پردیش حکومت کے ذریعہ دائر ان درخواستوں میں چمڑے اور جوتے بنانے والی یونٹس، دستکاری اور پتھر کی پروسیسنگ کی صنعتیں، فاؤنڈری، سیرامک، انجینئرنگ صنعتیں، زرعی پروسیسنگ یونٹس، ہوٹل اور اسپتال شامل ہیں۔ ریاستی حکومت کی دلیل تھی کہ یہ منصوبے کوئلے کے بجائے بجلی اور قدرتی گیس سے چلیں گے۔ تاہم عدالت نے ہدایت دی ہے کہ ہر تجویز کی جانچ ’مرکزی بااختیار کمیٹی‘ (سی ای سی) اور ’قومی ماحولیاتی انجینئرنگ تحقیقی ادارہ‘ (نیری) کرے گا، پھر بھی اس نے اس احتیاطی نقطۂ نظر کو پلٹ دیا جس نے دہائیوں تک تاج محل کو محفوظ رکھا۔ حیرت کی بات ہے کہ بنچ نے ایمیکس کیوری کو یہ طے کرنے کا حتمی اختیار دے دیا کہ عدالتی مداخلت کب اور کیوں مانگی جاسکتی ہے۔ یعنی اگر نیری اور سی ای سی ہری جھنڈی دے بھی دیں، تو بھی ایمیکس کیوری ان کے فیصلے کو مسترد کرسکتے ہیں۔ عدالت نے نہ تو اس علاقے کی ماحولیاتی بوجھ برداشت کرنے کی صلاحیت کا جائزہ طلب کیا اور نہ ٹی ٹی زیڈ کے لیے زیر التوا ’ویژن ڈاکیومنٹ‘ پر غور کیا۔ بنیادی سوال کبھی یہ رہا ہی نہیں کہ نئی صنعتیں صاف ایندھن جلائیں گی یا نہیں، اصل سوال یہ تھا کہ کیا پہلے ہی شدید دباؤ کا سامنا کر رہا یہ نازک ماحولیاتی نظام اضافی صنعت کاری کا بوجھ برداشت کر سکے گا؟ سپریم کورٹ نے خاطر خواہ زمینی مطالعے کے بغیر فیصلہ لے لیا۔

تاج محل کو بچانے کی قانونی لڑائی 1970 کی دہائی میں شروع ہوئی تھی اور 1984 میں اس وقت تیز ہوئی جب کارکن اور وکیل ایم سی مہتا یہ معاملہ سپریم کورٹ لے گئے۔ سلفر ڈائی آکسائیڈ کے اخراج، اینٹوں کے بھٹوں اور تیل کی ریفائنری کی آلودگی سے سفید سنگ مرمر پیلا اور سبز ہونے لگا تھا، جبکہ اندرونی مقبرے میں ممتاز محل کی قبر کو فنگل انفیکشن نقصان پہنچا رہا تھا۔ ڈیوک یونیورسٹی کے انجینئر مائک برجن نے اپنے مطالعے میں بتایا ہے کہ آلودگی اور دھول کے ذرات نے تاج کو کیسے دھندلا کر دیا۔ چونکہ یہ باریک ذرات سنگ مرمر سے چپک جاتے ہیں اور پانی میں حل نہیں ہوتے، اس لیے ان کی صفائی مشکل ہوتی ہے اور اس سے سنگ مرمر کی سطح کو نقصان پہنچنے کا خطرہ رہتا ہے۔ اگرچہ ہندوستانی محکمۂ آثار قدیمہ (اے ایس آئی) وقتاً فوقتاً ملتانی مٹی کا لیپ لگاتا ہے، لیکن تحفظ کے ماہرین کا ماننا ہے کہ یہ علامات کا علاج ہے، بیماری کا نہیں۔

جمنا ندی (جس کی صحت اس یادگار کے وجود سے براہ راست جڑی ہے) کیمیائی کچرے، غیر صاف شدہ سیوریج اور کچرے سے اٹی پڑی ہے، جو کیڑے مکوڑوں کا مسکن بن چکی ہے۔ اے ایس آئی نے خبردار کیا ہے کہ تاج پر سبز رنگ کے دھبے ’گولڈی چیرونومس‘ نامی کیڑے کی بیٹ کی وجہ سے ہیں، جو آلودہ ندی میں تیزی سے پروان چڑھتا ہے۔ آگرہ میں 90 بڑے نالے ہیں، جن میں سے صرف 4 کا پانی ہی ٹریٹمنٹ پلانٹوں میں صاف ہوتا ہے۔ باقی 65 کا گندہ کچرا براہ راست جمنا میں جاتا ہے۔ صورت حال کو مزید خراب کرتا ہے ندی کی گرتی ہوئی سطح آب، جس سے تاج کی بنیاد کو سنگین خطرہ پیدا ہو رہا ہے۔ خبروں کے مطابق اے ایس آئی نے تین سال میں ٹکٹوں کی فروخت سے 90 کروڑ روپے کمائے، لیکن تحفظ پر 9.41 کروڑ روپے خرچ کیے۔ باقی رقم کہاں استعمال ہوئی؟

آئی آئی ٹی کے 2015 کے ایک مطالعے میں پایا گیا کہ تاج محل کی سطح پر جمع ہونے والے آلودگی پھیلانے والے عناصر میں 3 فیصد حصہ گاڑیوں کی آلودگی سے نکلنے والے بلیک کاربن کا ہے، 30 فیصد براؤن کاربن ہے اور باقی کچرا، گوبر کے اُپلے، پرالی اور فوسل ایندھن جلنے سے اٹھنے والی دھول ہے۔ ماحولیاتی کارکن برج کھنڈیلوال کہتے ہیں کہ 1977 میں کارکنوں نے متھرا ریفائنری کو کہیں اور منتقل کرنے کے مطالبے کو لے کر بھوک ہڑتال کی تھی، کیونکہ انہیں خوف تھا کہ سلفر ڈائی آکسائیڈ کا اخراج تاج محل کو تباہ کردے گا۔ آج صورت حال زیادہ خراب ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ’’تاج محل ہزاروں ٹرکوں، بسوں اور بھاری گاڑیوں سے نکلنے والی دھول، دھند اور دھوئیں سے دب رہا ہے۔ جمنا اور معاون ندیاں خشک ہورہی ہیں، تالاب اور جھیلیں غائب ہوچکی ہیں۔ ایسی نازک صورت حال میں نئی صنعتوں سے ماحول پر کیا اثر پڑے گا، اس کا سائنسی مطالعہ تو ہونا چاہیے تھا۔‘‘

1990 کے آس پاس آگرہ میں تقریباً 2 لاکھ رجسٹرڈ گاڑیاں تھیں۔ 2026 کے وسط تک یہ تعداد 16.9 لاکھ سے تجاوز کرچکی ہے۔ شہر کے ایکسپریس وے کا استعمال روزانہ 50,000 سے زیادہ گاڑیاں کرتی ہیں۔ کھنڈیلوال خبردار کرتے ہیں کہ اضافی صنعتی سرگرمیوں سے یقینی طور پر ٹریفک، تعمیرات اور توانائی کی طلب بڑھے گی، جو دہائیوں کی قانونی لڑائی سے حاصل ہونے والے ماحولیاتی فوائد کو ختم کردے گی۔ ماحولیاتی کارکن ڈاکٹر دیواشیش بھٹاچاریہ نے پیٹھا صنعت کو شہر سے باہر منتقل کرنے کے مطالبے کو لے کر عرضی دائر کر رکھی ہے، کیونکہ اس کا کچرا سڑکوں یا کھلے نالوں سے ہوتے ہوئے آخرکار جمنا میں ہی گرتا ہے۔ آگرہ یونیورسٹی کے ڈاکٹر مکل پانڈیا بحران کے ایک اور پہلو کی بات کرتے ہیں۔ سردیوں میں ہوا کا معیار اکثر 250 سے 300 کی خطرناک سطح تک گر جاتا ہے، جہاں زہریلی اسموگ تاج سمیت دیگر تاریخی عمارتوں کو اپنی زد میں لے لیتی ہے۔ ان کی دلیل ہے ’’اس سے نمٹنے کا طریقہ مقامی درخت اور پھول دار جھاڑیاں لگانا ہے۔‘‘

29 جولائی کو سپریم کورٹ نے قانون کی روح کو مزید کمزور کر دیا جب اس نے یہ اجازت دے دی کہ اگر کسی منصوبے کو انتظامی حکم کے بجائے سرکاری نوٹیفکیشن کے ذریعے لایا جائے، تو کام شروع ہونے کے بعد بھی اسے قانونی منظوری دی جاسکتی ہے۔ خدشہ ہے کہ قواعد کی خلاف ورزیوں کو بعد میں باقاعدہ بنانے کی یہ چھوٹ روایت بن جائے گی، جس سے اس قائم شدہ اصول کو دھچکا پہنچے گا کہ ماحولیاتی تحفظ کے اقدامات ترقی سے پہلے ہونے چاہئیں، نہ کہ اس کے بعد۔ ماہرین ماحولیات کو حیرت ہے کہ ملک کی سب سے بڑی عدالت ماحول کے تحفظ کے لیے لڑنے والوں کو ہی کٹہرے میں کیسے کھڑا کرسکتی ہے۔ عوامی وسائل اور ثقافتی ورثے کے تحفظ میں اپنے آئینی کردار کو ادا کرنے کے بجائے، چیف جسٹس سوریہ کانت طنزیہ بیان دیتے ہیں کہ ’’ملک میں ایک بھی ایسا منصوبہ دکھائیں جہاں یہ مبینہ کارکن کہیں کہ وہ اس کا خیر مقدم کرتے ہیں۔‘‘

تاج محل پر اس بحث کو موجودہ اقتدار کی اس خواہش سے الگ کر کے نہیں دیکھا جاسکتا جو تاریخ کو مٹانے اور دوبارہ لکھنے پر آمادہ ہے۔ معیشت، زراعت، فن تعمیر، سائنس اور انجینئرنگ میں مغلوں کی خدمات کے باوجود این سی ای آر ٹی کی کتابوں سے مغلوں سے متعلق ابواب ہٹا دیے گئے ہیں۔ سب سے خطرناک عمل شدت پسند عناصر کی جانب سے دیکھنے کو مل رہا ہے۔ 4 اگست کو ’اکھل بھارت ہندو مہاسبھا‘ (اے بی وی پی) کے کارکنوں نے مذہبی رسومات ادا کرنے کے لیے کانوڑ لے کر تاج محل میں داخل ہونے کی کوشش کی۔ الہ آباد ہائی کورٹ تو ایک قدم اور آگے بڑھ گیا اور اس نے یہ مطالبہ کرنے والی عرضی قبول کرلی کہ کیا تاج محل ’شیو مندر‘ تھا؟

2019 میں سپریم کورٹ نے حکومت کو سخت انتباہ دیتے ہوئے کہا تھا کہ وہ یا تو تاج کا تحفظ کرے، اسے بند کردے یا پھر اسے منہدم کردے۔ عدالت کا وہ غیر معمولی تبصرہ سرکاری غفلت کے تئیں اس کے غصے کو ظاہر کرتا تھا اور اس یادگار کے مضبوط ادارہ جاتی محافظ کے طور پر اس کے کردار کو اجاگر کرتا تھا۔ لیکن حالیہ حکم ایک مشکل سوال کھڑا کرتا ہے کہ کیا عدالت اب اپنی اس تاریخی وراثت سے پیچھے ہٹنے لگی ہے؟

تاج محل تقریباً 4 صدیوں کی جنگوں، حملوں اور سیاسی اتھل پتھل کی زد کو سہہ کر بھی اٹل کھڑا رہا ہے۔ لیکن کیا وہ آلودگی، ماحولیاتی غفلت اور کمزور ہوتے قانونی تحفظ کے مشترکہ اثر سے بچ پائے گا... یہ آج لیے جارہے فیصلوں پر منحصر ہوگا۔ اگر ہندوستان کی سب سے مشہور یادگار کے اردگرد ہی قانونی حفاظتی حصار کو کمزور کیا جاسکتا ہے تو ملک کی ان بے شمار قدرتی اور ثقافتی وراثتوں کا مستقبل اور بھی غیر یقینی ہوجاتا ہے، جو اتنی توجہ میں بھی نہیں آتیں۔

(مضمون نگار رشمی سہگل سینئر صحافی ہیں)

# اودھ نامہ

## حتمی فیصلہ نہ کرپانے کے نقصانات

کثیرالجہتی صف بندی اسٹریٹجک خودمختاری وغیرہ جیسے فقرے، حکمت عملیاں کم اور فیصلہ ٹالنے کی زبان زیادہ ہیں۔ سستا روسی خام تیل، امریکی ٹیکنالوجی تک رسائی، بیک وقت برکس اور کواڈ میں نشست، اور ایسی خارجہ پالیسی جو شاذ و نادر ہی کوئی پل جلاتی ہے۔ لیکن کبھی حتمی فیصلہ نہ کرنے کی قیمت اب صاف ہوتی جارہی ہے، اور یہ بالکل وہیں نظر آرہی ہے جہاں ایک حقیقی عالمی طاقت کو سب سے مضبوط ہونا چاہیے۔ اپنے پڑوس میں، اپنے اعلان کردہ نظریات کی ساکھ میں، اور اس کے سفارت کاروں کے دعووں اور اس کی معیشت و فوج کی حقیقی صلاحیت کے درمیان فرق میں۔ ہندوستان نے پچھلی دہائی کواڈ، آئی ٹو یوٹو اور درجنوں گردشی چھوٹے اتحادوں پر مشتمل ایک وسیع بیرونی ڈھانچہ تعمیر کرنے میں صرف کی ہے جبکہ سارک، وہ واحد علاقائی تنظیم تھی، جہاں ہندوستان کی قیادت کو متنازعہ ہونے کی بجائے مسلمہ سمجھا جاتا تھا، 2016 کے منسوخ اسلام آباد سربراہی اجلاس کے بعد سے زوال پذیر ہونے دیا گیا ہے۔ لیکن چین نے یہ موقع ضائع نہیں کیا۔ کن منگ میں پاکستان اور بنگلہ دیش کے ساتھ سہ فریقی ملاقات، نیپال اور سری لنکا کے ساتھ گہرے ہوتے بنیادی ڈھانچے اور سیاسی روابط، مالدیپ میں پیش رفت، اور جنوبی ایشیا کے متبادل کنوینر کے طور پر خاموش پوزیشننگ یہ سب ایک ہی ناخوشگوار حقیقت کی طرف اشارہ کرتے ہیں: ہندوستان کے پڑوسی اب یہ نہیں مانتے کہ نئی دہلی واحد سرپرست ہے جس کی خوشنودی حاصل کرنا ضروری ہے، اور کئی اب دہلی سے مراعات اسی دھمکی کے ذریعے حاصل کرتے ہیں کہ وہ بیجنگ کی طرف جھک سکتے ہیں۔

یہ بہاؤ محض حادثاتی بہاؤ نہیں ہے، یہ ایسی خارجہ پالیسی کا متوقع نتیجہ ہے جس نے مسلسل دور دراز طاقتوں کے ساتھ نمائشی سربراہی اجلاسوں کو پڑوسی سفارت کاری کے غیر دلکش، وسائل طلب کام پر ترجیح دی ہے۔ کوئی ملک معقول طور پر یہ دعویٰ نہیں کرسکتا کہ وہ عالمی نظام کی تشکیل کر رہا ہے، جبکہ وہ اپنے ہی خطے میں ایک ایسی طاقت سے دلائل ہار رہا ہے جو اس کی اپنی سرحدوں سے ہزاروں کلومیٹر دور کام کر رہی ہے۔ علاقائی بالادستی عام طور پر عالمی طاقت کے درجے کی بنیاد ہوتی ہے، نہ کہ بعد میں حل کیا جانے والا کوئی تفصیلی معاملہ اور ہندوستان نے اس بنیاد کو اپنے ہی پیروں تلے ٹوٹنے دیا ہے۔ اور اس سب پر پردہ ڈالنے کے لیے بنایا گیا نظریہ اسٹریٹجک خودمختاری ایک سادہ دنیا کے لیے تشکیل دیا گیا تھا، جہاں انتخاب بنیادی طور پر واشنگٹن یا ماسکو کے درمیان تھا۔ یہ ایسی دنیا میں شدید دباؤ میں آجاتا ہے جہاں امریکہ لین دین پر مبنی ہے، جہاں چین بیک وقت ہندوستان کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار اور اس کا سب سے سنگین فوجی خطرہ بھی ہے، اور جہاں روس، کمزور ہوکر بیجنگ پر تیزی سے انحصار کرتا ہوا، اب وہ توازن فراہم کرنے والی طاقت نہیں رہا جو کبھی تھا۔

ہندوستان کا ردعمل یہ رہا ہے کہ بیک وقت ہر دروازہ کھلا رکھا جائے، امریکی دفاعی معاہدے حاصل کرتے ہوئے بھی رعایتی روسی تیل، برکس کی صدارت جو اسے بلاک کے مغرب مخالف لہجے کی توثیق کیے بغیر چلانی ہے، اور واشنگٹن کے لیے گرمجوش بیان بازی جس نے نہ تو تعزیری محصولات کو روکا اور نہ ہی ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے اپنے قریبی شراکت داروں کے ساتھ تشکیل دیے گئے اہم ٹیکنالوجی گروپ سے ہندوستان کے خاموش اخراج کو۔ ہندوستان کے اپنے اسٹریٹجک ماہرین نے اس لمحے کو جغرافیے سے جیومیٹری کی طرف منتقلی کے طور پر بیان کرنا شروع کردیا ہے سلامتی کی نئی تعریف صرف لائن آف ایکچوئل کنٹرول کے بجائے سپلائی چینز، سمندری کیبلز، چپ سازی، اور بحری راستوں کے گرد ہے۔ یہ اس بات کی ایک فکری طور پر ایماندارانہ نئی تشکیل ہے کہ قومی طاقت کو اب کیا درکار ہے۔ ہندوستان اب بھی اپنا تقریباً نصف عسکری ساز و سامان درآمد کرتا ہے بجائے اس کے کہ اسے مقامی طور پر تیار کرے، یہ میک ان انڈیا دفاعی مہم کے کئی دہائیوں بعد بھی جاری ہے؛ اس کی بحریہ اب بھی طیارہ بردار بحری جہاز اور آبدوز کے پروگراموں کو برسوں تاخیر سے نبرد آزما ہے؛ اور اس کی اہم معدنیات اور سیمی کنڈکٹر بنیاد بڑی حد تک خواہشی ہی رہی ہے، اور اسی چینی سپلائی چینز پر انحصار کرتی ہے جن کے خلاف اس کی بحر ہند-بحرالکاہل بیان بازی بظاہر منظم ہے۔

سمندری شراکت داری کے نظریے کی عبارت اعلامیوں اور مشترکہ بیانات میں متاثر کن لگتی ہے مگر اسی سمندر میں چین کی بندرگاہ سازی آگے بڑھتی ہے۔ ہندوستان کے عروج کے تقریباً ہر شعبے میں یہی پیٹرن نظر آتا ہے۔ زبان صلاحیت سے زیادہ تیزی سے جدید ہورہی ہے۔ جیومیٹری خواہش کی بات کرنے کا ایک اچھا طریقہ ہے۔ یہ بذات خود صلاحیت کا ثبوت نہیں ہے۔ اور یہ محض خارجہ پالیسی کی ناکامی نہیں ہے یہ خارجہ پالیسی کا لبادہ اوڑھے ایک اندرونی ناکامی ہے۔ ہندوستان کے سفارت کار کہہ سکتے ہیں کہ وہ دنیا کی پانچویں سب سے بڑی معیشت ہے، مگر یہ اعداد و شمار ایک ایسے فی کس آمدنی کے ساتھ موجود ہیں جو اب بھی دنیا کے سوٹاپ ممالک سے باہر ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں مستقل نشست کے لیے ہندوستان کی بارہا کوشش رسمی عالمی طاقت کی پہچان کا سب سے واضح نشان دو دہائیوں سے زیادہ عرصے سے کہیں نہیں پہنچی تو یہ کسی بنیادی طور پر کسی بیرونی سازش کی وجہ سے نہیں بلکہ اس لیے کہ ہندوستان نے کبھی ایسا اتحاد، صبر، یا اثر و رسوخ اکٹھا نہیں کیا جو معاملے کو آگے بڑھا سکے، ایک ایسے ادارے میں جس نے سب کے لیے ساختی اصلاحات کے خلاف مزاحمت کی ہے۔

# کام کا انبار، مستقل ملازمتوں کا بحران

**کیا ہندوستان کا لیبر مارکیٹ اس مستقبل کے لیے تیار ہے جہاں پروجیکٹ اور پلیٹ فارم تو ہوں گے، لیکن سماجی تحفظ والی مستقل ملازمتیں سمٹتی جائیں گی؟**

ڈاکٹر اجیت رانا ڈے

یقیناً نیٹ پرچہ لیک معاملے نے حالیہ طلبا تحریک کو ہوا دی ہو، لیکن یہ سمجھنا بڑی بھول ہوگی کہ احتجاج صرف امتحانات کی بدانتظامی کے خلاف تھا۔ مظاہروں میں جو غصہ دیکھنے کو ملا، وہ گہری تشویش سے پیدا ہوا ہے۔ کروڑوں نوجوانوں کے لیے مسابقتی امتحانات محفوظ اور باعزت تنخواہ والی ملازمت حاصل کرنے کے چند ذرائع میں سے ایک ہیں۔ ایسے میں جب ان امتحانات کی منصفانہ حیثیت سے سمجھوتہ ہوتا ہے، تو اس کا سیدھا مطلب ہوتا ہے دوبارہ کوشش کرنے کے لیے پورے ایک سال کا انتظار۔ اس لیے شروع ہی سے یہ تحریک جتنی امتحانات کو لے کر تھی، اتنی ہی ملازمتوں کے لیے بھی تھی۔ سرکاری مسابقتی امتحانات گریجویٹس کے لیے ایسے ’ویٹنگ روم‘ بن چکے ہیں جہاں زندگی ٹھہر جاتی ہے۔ 20 سے 22 سال کے نوجوان ان امتحانات میں کامیابی حاصل کرنے کی بار بار کوشش میں، جہاں کامیابی کی شرح محض 1-2 فیصد ہوتی ہے، کوچنگ اداروں اور کرایہ کے کمروں میں سالوں گزار دیتے ہیں۔ یہ ان کی زندگی کے وہ سب سے قیمتی سال ہوتے ہیں جن میں وہ کام کا تجربہ، عملی مہارت اور پیشہ ورانہ روابط حاصل کرسکتے تھے۔ نوجوانوں کا یہ طویل انتظار بے وجہ نہیں، کیونکہ پرائیویٹ سیکٹر میں ابتدائی سطح کی تنخواہیں طویل عرصے سے ٹھہری ہوئی ہیں۔ ایک نوجوان مرد گریجویٹ کی اوسط ماہانہ آمدنی 2011 کے 21,800 روپے سے گھٹ کر 2023 میں 19,573 روپے رہ گئی اور یہ کمی مہنگائی کی شرح کو ایڈجسٹ کرنے سے پہلے کی ہے۔ اس کے برعکس سرکاری ملازمت کہیں بہتر تنخواہ، تسلسل، صحت کے فوائد، سماجی وقار اور ملازمت سے محروم ہونے سے تحفظ فراہم کرتی ہے۔ انفرادی سطح پر دیکھا جائے تو انتظار کا یہ فیصلہ منطقی معلوم ہوتا ہے، لیکن اجتماعی سطح پر اس کا نتیجہ انسانی صلاحیت کا بڑے پیمانے پر ضیاع ہے۔

2004 سے 2023 کے درمیان ہندوستان نے ہر سال اوسطاً 50 لاکھ گریجویٹس تیار کیے، لیکن گریجویٹس کے لیے روزگار میں سالانہ صرف 28 لاکھ کا ہی اضافہ ہوسکا۔ ان میں بھی باقاعدہ تنخواہ والی ملازمتوں کی تعداد اس سے بھی کم تھی۔ نتیجتاً کروڑوں نوجوان یا تو بے روزگار ہیں یا اپنی اہلیت سے کم تر کام کر رہے ہیں، یا کسی نایاب سرکاری ملازمت کی امید میں ’ویٹنگ روم‘ میں بیٹھے ہیں۔ پی ایل ایف ایس (پیریوڈک لیبر فورس سروے) نے 2025 میں مجموعی بے روزگاری کی شرح 3.1 فیصد اور نوجوانوں میں بے روزگاری کی شرح 9.9 فیصد درج کی۔ لیکن ’معمول کی صورت حال‘ کا پیمانہ کسی شخص کو تب بھی ’برسرروزگار‘ مان لیتا ہے جب اس نے گزشتہ ایک سال میں محض 30 دن کوئی چھوٹی موٹی معاشی سرگرمی انجام دی ہو۔ اس طرح خاندانی کھیت میں کبھی کبھار ہاتھ بٹانے والا، ڈیلیوری کا چھٹ پٹ کام کرنے والا یا خود روزگار سے انتہائی معمولی آمدنی حاصل کرنے والا شخص بھی اعداد و شمار میں ’برسرروزگار‘ مانا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ روزگار پر بحث کو صرف ’برسرروزگار‘ اور ’بے روزگار‘ کی سطحی تقسیم سے آگے لے جانا ہوگا۔ کم روزگار، بالواسطہ بے روزگاری، کام کے غیر یقینی اوقات، کم اجرت، معاہدہ نامے کا نہ ہونا اور سماجی تحفظ کا فقدان بھی اتنے ہی اہم مسائل ہیں۔

انسانی سرمائے کے نامکمل استعمال کی سب سے واضح تصویر زرعی شعبے میں نظر آتی ہے۔ روزگار میں اس کا حصہ، جو کئی دہائیوں سے کم ہو رہا تھا، 2017-18 کے 44.1 فیصد سے بڑھ کر 2023-24 میں 46.1 فیصد ہوگیا۔ یہ الٹ پھیر وبا کے دور میں ہونے والی نقل مکانی کے ساتھ ساتھ مینوفیکچرنگ اور خدمات کے شعبوں کی اس ناکامی کو بھی ظاہر کرتا ہے جس کے باعث وہ مزدوروں کو مناسب تعداد میں استعمال نہیں کرسکے۔ زرعی شعبہ قومی پیداوار میں صرف چھٹے حصے کا تعاون کرتا ہے، لیکن افرادی قوت کے 2 میں پانچویں سے زیادہ حصے کا بوجھ اٹھاتا ہے۔ خاندانی کھیت اکثر آخری متبادل ہوتے ہیں۔ تازہ پی ایل ایف ایس کے اعداد و شمار اس میں معمولی کمی دکھاتے ہیں، لیکن یہ پیمائش کے طریقۂ کار میں آنے والی تبدیلی کا نتیجہ بھی ہوسکتا ہے۔ اجرت کی صورت حال اور بھی واضح تصویر پیش کرتی ہے۔ مرد غیر ہنرمند یومیہ مزدوروں کی اوسط یومیہ اجرت 2024 کے 456 روپے کے مقابلے میں 2025 میں عملی طور پر 455 روپے پر ہی ٹکی رہی۔ خواتین یومیہ مزدوروں کی آمدنی 299 روپے سے بڑھ کر 315 روپے ہوئی۔ یہ محض نام بھر کے اعداد و شمار ہیں، جن میں زندگی گزارنے کی لاگت میں ہونے والے اضافے کو شامل نہیں کیا گیا ہے۔

’پلیٹ فارم‘ پر مبنی کام (گِگ ورک) کے پھیلاؤ کو اسی پس منظر میں دیکھنا چاہیے۔ حال ہی میں ایک تشہیری اشتہار میں گھریلو کام کے لیے 29 روپے فی گھنٹہ کی پیشکش کی گئی۔ یہ صارف کو دی گئی رعایتی شرح تھی، نہ کہ اس کارکن کو ملنے والی اجرت۔ ایک معروف ڈیجیٹل اخبار کی جانب سے انٹرویو کیے گئے کارکنوں نے تسلیم کیا کہ ان کی ماہانہ آمدنی روایتی گھریلو کام کے مقابلے میں بہتر ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی اس نے چھٹیوں پر سخت پابندیوں، جرمانوں، غیر یقینی وقفوں، طویل اوقات کار اور ایپ کے ذریعے 24 گھنٹے نگرانی کی تلخ حقیقت کو بھی ظاہر کیا۔ کارکنوں کا کہنا تھا کہ وہ ہنگامی صورت حال میں بھی چھٹی نہیں لے سکتے اور نہ ہی وقت پر کھانا کھا سکتے ہیں۔ ’پلیٹ فارمز‘ معیشت میں ایک مفید معاشی کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ تلاش کی لاگت کم کرتی ہے، صارفین اور کارکنوں کو تیزی سے جوڑتی ہے، نئی خدمات پیدا کرتی ہے اور غیر رسمی مزدور بازار میں کسی حد تک شفافیت لاتی ہے۔ اس لیے پالیسی کا ردعمل گِگ معیشت کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کرنے کا نہیں ہونا چاہیے۔ لیکن کارکنوں کو صرف ’پارٹنر‘ کہہ دینے سے جواب دہی پوری نہیں ہوجاتی، خاص طور پر اس وقت جب پلیٹ فارم ہی صارفین تک رسائی، کام کے اوقات، ریٹنگ، جرمانے اور کام کی اہلیت طے کرتا ہو۔

عدم تحفظ کی یہ صورت حال اب ان پیشوں میں بھی نظر آرہی ہے جنہیں کبھی محفوظ سمجھا جاتا تھا۔ آئی ٹی شعبے میں بنچ پیریڈ کم کرکے، کارکردگی میں بہتری کے منصوبے، مہارت کی بنیاد پر چھنٹنی اور ’استعفیٰ کی ترغیب‘ کے ذریعے ملازمتیں چھینی جارہی ہیں۔ وہیں دوسری جانب مصنوعی ذہانت کی نایاب مہارت رکھنے والے محققین اور انجینئروں کو غیر معمولی تنخواہیں اور اسٹاک آپشنز مل رہے ہیں۔ لیبر مارکیٹ غیر مساوی ہوتا جارہا ہے۔ یعنی ٹیکنالوجی کے نئے افق پر لامحدود انعامات ہیں، تو دوسری طرف معمول کی کوڈنگ، ٹیسٹنگ اور بیک آفس کے کام میں بھاری غیر یقینی صورت حال ہے۔ یہ واضح اشارہ ہے کہ ہندوستان کو ایسے مستقبل کے لیے تیار ہونا ہوگا جہاں کام تو بہت ہوسکتا ہے، لیکن روایتی ملازمتیں کم رہیں گی۔ روایتی طور پر ملازمت کا مطلب تھا ایک ہی آجر کے ساتھ طویل تعلق، مقررہ تنخواہ، کام کے مقررہ اوقات اور کسی حد تک سماجی تحفظ۔ مستقبل میں کام کا ڈھانچہ تیزی سے پروجیکٹس، اسائنمنٹس، پلیٹ فارمز اور کئی طرح کے قلیل مدتی معاہدوں کی شکل اختیار کرے گا۔ گِگ ورک اب کوئی چھوٹا طبقہ نہیں رہا۔ افرادی قوت کے ایک بڑے حصہ کے لیے کام کا یہی لچک دار انتظام عام بات بن گیا ہے۔ ایسے لچک دار انتظام سے دیکھ بھال کی ذمہ داری اٹھانے والی خواتین، بزرگوں، مہاجرین اور ہنرمند پیشہ ور افراد کو اپنے حالات کے مطابق کام کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔ یہ کاروباری سرگرمی کو فروغ دے گا، لیکن ایک مناسب پالیسی فریم ورک کے بغیر آجر کے لیے جو ’لچک‘ ہے، وہ کارکن کے لیے بھاری ’عدم تحفظ‘ بن سکتا ہے۔

اس لیے ہندوستان کو بیک وقت 2 کام کرنے ہوں گے... پہلا، ایسا ماحول جہاں گِگ اور پلیٹ فارم والی معیشت پھلے پھولے؛ اور دوسرا، ایسا قانونی ڈھانچہ جو اس کام کو ’باعزت‘ بنائے۔ سماجی تحفظ کے فوائد ایسے ہوں کہ آجر یا پلیٹ فارم بدلنے پر بھی کارکن ان فوائد کو آسانی سے اپنے ساتھ لے جاسکے۔ پلیٹ فارمز کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ معاوضہ، ریٹنگ، کام کی تقسیم اور شناخت غیر فعال کرنے کے فیصلے کن بنیادوں پر لیے جاتے ہیں۔ کارکنوں کے لیے آسان شکایت ازالے کا نظام، بروقت ادائیگی اور منمانی برطرفی سے تحفظ ضروری ہے۔ قانون کو کام کی حقیقی لچک کو برقرار رکھنا چاہیے، لیکن ’پارٹنرشپ‘ جیسی اصطلاحات کی آڑ میں آجر کو اپنی بنیادی ذمہ داریوں سے فرار کی اجازت نہیں ملنی چاہیے۔

اسی تناظر میں ’پلیٹ فارم والی معیشت میں باعزت کام‘ پر بین الاقوامی لیبر آرگنائزیشن کے کنونشن سے ہندوستان کا دوری اختیار کرنا اچھا اشارہ نہیں ہے۔ آرگنائزیشن کا کنونشن نمبر 193 ایپ پر مبنی اور ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے کام کو ہدف بنانے والا دنیا کا پہلا قانونی طور پر پابند معاہدہ ہے۔ خبروں کے مطابق ہندوستانی کارکنوں اور آجر نمائندوں نے معاہدے کی حمایت کی، جبکہ سرکاری نمائندے نے ووٹنگ سے دوری اختیار کی۔ حکومت کا یہ موقف تشویش پیدا کرتا ہے، کیونکہ ہندوستان میں گھریلو گِگ افرادی قوت تیزی سے بڑھ رہی ہے، پھر بھی الگورِدم کی شفافیت اور کارکنوں کی ازسرنو درجہ بندی پر پابند عالمی معیارات اپنانے میں ہچکچاہٹ دکھائی دے رہی ہے۔

ہندوستان کو بلاشبہ زیادہ سے زیادہ روزگار کی ضرورت ہے۔ پالیسی کا چیلنج کارکنوں کے مفادات کا تحفظ ہے... یعنی یہ یقینی بنانا کہ اسائنمنٹس، معاہدوں اور پلیٹ فارمز پر منحصر ہوتا جارہا لیبر مارکیٹ کارکنوں کو آمدنی کا تحفظ، سودے بازی کی طاقت اور سماجی تحفظ سے محروم نہ کردے۔ ورنہ سرکاری ملازمتوں کا یہ ’ویٹنگ روم‘ اسی طرح بھرتا رہے گا۔


(مضمون نگار معروف ماہر اقتصادیات ہیں۔ بشکریہ: دی بلین پریس)


مالک، پبلشر، پرنٹر و ایڈیٹر تقدیس فاطمہ رضوی نے گروپ 5 پبلی کیشن 55بی۔ وزیر حسن روڈ، لکھنؤ سے چھپوا کر پہلی منزل مسجد نور محل مارکیٹ پلی نرہی، لکھنؤ سے شائع کیا۔ ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر ہارون رشید
Proprietor, Publisher, Printer and Editor, Taqdees Fatima Rizvi printed at Group 5 Publication, 55B, Wazir Hasan Road, Lucknow, and published from Masjid Noor Mahal, First Floor, Saket Palli Narhi, Lucknow. , Resident Editor: Dr. Haroon Rasheed, avadhnama@gmail.com, Ph:0522-3506829, 9335135181

مضمون و مراسلہ نگار کی آراء سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

# AI اور لائبریری

زین البشر انصاری






ہر دور میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کسی نہ کسی صورت جاری رہا ہے، چاہے وہ قدیم زمانہ ہو یا موجودہ۔ ہر عہد میں ٹیکنالوجی نے زندگی کے مختلف شعبوں پر اپنا اثر ڈالا ہے۔ آج کا دور سائنس اور ٹیکنالوجی کا دور ہے، جہاں عوام ابتدا میں نئی ٹیکنالوجی اپنانے میں کچھ ہچکچاہٹ محسوس کرتے ہیں، لیکن ایک بار عادت ہو جانے کے بعد اسے اعتماد اور تسلسل کے ساتھ استعمال کرنے لگتے ہیں۔

مثال کے طور پر، کووڈ-19 کے بعد ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے میدان میں غیر معمولی تیزی آئی، جس نے نہ صرف اس کے استعمال کو فروغ دیا بلکہ لوگوں کے سوچنے، سیکھنے، پڑھنے، لکھنے اور معلومات حاصل کرنے کے طریقوں کو بھی بدل دیا۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے اس عہد میں دنیا کے ہر کونے میں نئی سے نئی ٹیکنالوجی اپنائی جا رہی ہے، اور لوگ اس سے بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ تعلیم سے لے کر کھیل، طب سے لے کر پیتھالوجی، آن لائن ٹکٹ بکنگ سے لے کر خریداری، اور بینکنگ سے لے کر اے ٹی ایم کے ذریعے لین دین تک، ہر جگہ جدید ٹیکنالوجی نے اپنی جگہ بنالی ہے۔ کتابوں سے ای بکس تک، روایتی لائبریریوں سے آن لائن اور ورچوئل لائبریریوں تک، ٹیکنالوجی نے علم و مطالعہ کے طریقوں میں انقلاب برپا کر دیا ہے۔ موجودہ دور میں لائبریریوں میں بھی جدید ترین ٹیکنالوجی، خصوصاً مصنوعی ذہانت (AI)، تیزی سے رائج ہو رہی ہے۔

**مصنوعی ذہانت (AI) کیا ہے؟**

اردو میں AI کو "مصنوعی ذہانت" کہا جاتا ہے، جو انگریزی اصطلاح Artificial Intelligence کا مخفف ہے۔ یہ کمپیوٹر سائنس کی ایک شاخ ہے جس میں ایسے پروگرام بنائے جاتے ہیں جو انسان کی طرح سوچنے، سمجھنے، سیکھنے، فیصلہ کرنے اور مسائل حل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔

**تعریفات:**

آکسفورڈ انگلش ڈکشنری کے مطابق: "مصنوعی ذہانت کمپیوٹر سسٹم کی وہ صلاحیت ہے جو انسانی ذہانت کی نقل کرتی ہے، جیسے سیکھنا، استدلال کرنا اور خود سے فیصلہ لینا۔"

جان میک کارتھی (AI کے بانیوں میں سے ایک): "مصنوعی ذہانت سائنس اور انجینئرنگ ہے، ایسی مشین بنانے کی جو انسان کی طرح عمل کر سکے۔"

مارون منسکی: "مصنوعی ذہانت وہ علم ہے جس کے ذریعے مشین انسانی سوچ کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی کوشش کرتی ہے۔"

رشید احمد (ماہر لائبریری سائنس): "آج کی لائبریریوں میں مصنوعی ذہانت علم کی تنظیم، تلاش اور فراہمی کا ایک مؤثر ذریعہ بن چکی ہے۔"

ڈاکٹر شکیل انجم، جو لائبریری سائنس کے ممتاز ماہر ہیں، مصنوعی ذہانت (AI) کی تعریف یوں کرتے ہیں: "مصنوعی ذہانت لائبریریوں کو خودکار بنانے، ریفرنس سروسز کو بہتر کرنے اور صارفین کو ان کی ضرورت کے مطابق خدمات فراہم کرنے میں مدد دیتی ہے۔"

پیٹر نورک (Peter Norvig)، گوگل ریسرچ کے ڈائریکٹر، اس کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "مصنوعی ذہانت کا مقصد مشینوں کو ایسے کام کرنے کے قابل بنانا ہے جن کے لیے انسانی ذہانت کی ضرورت ہوتی ہے۔"

تعریفوں سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ مصنوعی ذہانت ایک جدید ٹیکنالوجی ہے جو مشینوں کو ذہانت عطا کرتی ہے۔ ماہرینِ لائبریری سائنس اس بات پر متفق ہیں کہ AI علم کے ذخائر کو منظم کرنے اور عام انسان تک مؤثر طریقے سے پہنچانے میں ایک انقلاب لا رہی ہے۔ اس کے ذریعے وقت اور سرمایہ دونوں کی بچت ممکن ہو گئی ہے۔

موجودہ دور میں AI نے علم کے تمام شعبوں میں نئی سرگرمی پیدا کر دی ہے، اور اس کا استعمال ہر ادارے میں تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ خاص طور پر لائبریری سائنس اور لائبریری خدمات میں اس کا کردار نمایاں ہے۔ AI کے ذریعے صارفین کو مواد تک فوری اور درست رسائی حاصل ہوتی ہے۔ لائبریریاں اب صرف کتابوں کا ذخیرہ نہیں رکھتیں بلکہ ڈیجیٹل سنٹر کے طور پر اپنی خدمات فراہم کرتی ہیں۔ AI ٹیکنالوجی نے لائبریریوں کو اس قابل بنایا ہے کہ وہ صارفین کو ان کی ضرورت کے مطابق معلومات چند سیکنڈ میں فراہم کریں، جس سے وقت اور لاگت دونوں کی بچت ہوتی ہے۔

لائبریریوں میں استعمال ہونے والی اہم AI ٹیکنالوجیز:

۱۔ **چیٹ بوٹ:** صارف کے سوالات کا خودکار جواب دیتا ہے۔

۲۔ **ورچوئل ریفرنس اسسٹنٹ:** آن لائن ریفرنس معلومات فراہم کرتا ہے۔

۳۔ **مشین لرننگ الگورتھم:** ڈیٹا کے تجزیے کے بعد خودکار طور پر کتابوں اور مضامین کی سفارش کرتا ہے۔

۴۔ **نیچرل لینگویج پروسیسنگ (NLP):** انسانی زبان کو سمجھ کر اسی زبان میں مواد فراہم کرتا ہے۔

۵۔ **ریکمنڈیشن سسٹم:** صارف کے ذوق اور تحقیقی ضرورت کے مطابق کتابیں تجویز کرتا ہے۔

۶۔ **آواز پر مبنی تلاش:** صارف کو بول کر مواد تلاش کرنے کی سہولت دیتا ہے۔

۷۔ **خود شناخت نظام:** صارف کو خودکار طور پر پہچانتا ہے، خاص طور پر چہرے کی شناخت کے ذریعے۔

۸۔ **خودکار درجہ بندی:** نئی کتابوں کو Dewey Decimal Classification یا LC نظام کے تحت خودکار طور پر درجہ بندی کرتا ہے۔

۹۔ **RFID کے ساتھ AI:** کتابوں کی خودکار چیک اِن اور چیک آؤٹ سہولت فراہم کرتا ہے۔

۱۰۔ **تحقیقی سرقہ کی جانچ:** مقالوں میں نقل کی نشاندہی (Plagiarism Detection) کرتا ہے، جو محققین کے لیے نہایت مفید ہے۔

**لائبریری میں مصنوعی ذہانت (AI) کا استعمال**

موجودہ زمانہ سائنس اور ٹیکنالوجی کا دور ہے۔ اس عہد میں تقریباً ہر شعبے میں جدید تکنیک کا استعمال تیزی سے بڑھ رہا ہے، اور لائبریریاں بھی اس تبدیلی میں پیچھے نہیں ہیں۔ آج کی لائبریریاں محض کتابوں کا ذخیرہ نہیں بلکہ تحقیق، مطالعہ اور معلومات کی ترسیل کے لیے جدید ترین سہولیات فراہم کرنے والے ڈیجیٹل مراکز بن چکی ہیں۔

لائبریریوں میں AI کے استعمال سے صارفین نہ صرف تحقیقی مواد، کتابیں اور میگزین تلاش کر سکتے ہیں بلکہ ڈیجیٹل کتب اور ای-جرنلز بھی آن لائن پڑھ سکتے ہیں۔ اس ٹیکنالوجی کے آنے سے لائبریری کا استعمال عام لوگوں میں مزید بڑھا ہے۔

ہندوستان میں لائبریری سائنس کے بانی ڈاکٹر ایس آر رنگناتھن، جن کی یومِ پیدائش 21 اگست کو ہر سال "نیشنل لائبریرین ڈے" کے طور پر منائی جاتی ہے، نے 1931ء میں Five Laws of Library Science متعارف کرائے جو آج بھی لائبریری خدمات کی بنیاد سمجھے جاتے ہیں:

۱ کتابیں پڑھنے کے لیے ہیں۔
۲ ہر یوزر کو اس کی کتاب ملے۔
۳ ہر کتاب کو اس کا صارف ملے۔
۴ یوزر کا وقت بچے۔
۵ لائبریری ایک ترقی پذیر ادارہ ہے۔

AI ٹیکنالوجی نے ان قوانین کو مزید مؤثر بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے، خاص طور پر چوتھے قانون — "صارف کا وقت بچے" —

مصنوعی ذہانت کے ذریعے لائبریریاں صارف کی دلچسپی اور ضرورت کے مطابق معلومات چند سیکنڈ میں فراہم کر سکتی ہیں۔ مثال کے طور پر اگر کوئی صارف ہندوستان کے ماضی کی اچھائیوں اور برائیوں سے متعلق مواد چاہے، تو AI فوراً متعلقہ مواد پیش کر دیتا ہے۔

مشہور ماہرِ لائبریری سائنس جیسز ہاروک شیرا (Jesses Harvik Shera) کے مطابق: "لائبریری میں محفوظ ذخائر میں سماج کے بدلتے حالات اور نظریات سے متعلق کتب موجود ہیں، اس لیے لائبریری کو بھی سماج کی ضروریات کے مطابق خود کو جدید ٹیکنالوجی سے اپ گریڈ کرتے رہنا چاہیے۔"

AI ٹیکنالوجی نے اس مشورے کو عملی شکل دی ہے اور لائبریریوں کو وقت کے ساتھ ہم آہنگ رکھنے میں انقلاب برپا کیا ہے۔

**AI کے موجودہ عملی استعمالات لائبریری میں**

- ڈیجیٹل بکس، ای-جرنلز، آن لائن سرچ سروسز کی بدولت یوزر چند سیکنڈز میں اپنی دلچسپی کا مواد حاصل کر سکتا ہے۔
- Automated Cataloguing: روایتی کیٹلاگنگ کی انسانی غلطیوں کو کم کیا گیا۔ وقت اور محنت کی بچت ہوئی۔
- تحقیقی مواد کی بہتر تلاش AI: سرچ انجنز جیسے Google Search، لائبریری سرچ انجنز کلیدی الفاظ سے فوری نتائج دیتے ہیں۔
- چیٹ بوٹس: 24/7 معلومات کی فراہمی۔ مثال: ASKNYPL (نیویارک پبلک لائبریری) کا چیٹ بوٹ۔

**فوائد اور چیلنجز**

- یوزر کے وقت اور سرمایہ کی بچت۔
- عالمی سطح سے ڈیجیٹل یا ورچوئل رسائی۔
- تحقیقی معیار میں بہتری۔
- Michael Gorman کے مطابق، ٹیکنالوجی کے ساتھ انسانی اقدار کا تحفظ ضروری ہے، کیونکہ کچھ سوالات اور سیاق و سباق صرف انسان ہی بہتر سمجھ سکتے ہیں۔
- ٹیکنالوجی سے انسانی عملے کی ضرورت ختم نہیں ہوتی، بلکہ اس کی نوعیت بدل جاتی ہے۔

**یوزر کے لیے خدمات میں AI کا استعمال**

لائبریری میں مصنوعی ذہانت (AI) کے استعمال سے قارئین کے مطالعہ کا ریکارڈ، دلچسپیوں اور حالیہ دنوں میں پڑھی گئی کتابوں کی بنیاد پر خودکار طور پر ایک سفارش شدہ فہرست (Recommended List) تیار کی جاتی ہے۔ اس فہرست میں شامل کتابیں قارئین کے ذوق اور تحقیقی ضرورت کے عین مطابق منتخب ہوتی ہیں۔ اس سہولت کو جدید لائبریری سائنس میں پرسنلائزڈ ڈیجیٹل شیلف کہا جاتا ہے۔

خصوصی افراد کے لیے سہولیات: ڈیجیٹل دور میں لائبریریاں خصوصی ضرورت کے حامل قارئین کو بھی غیر معمولی سہولتیں فراہم کر رہی ہیں۔ AI ٹیکنالوجی کی مدد سے کتابوں کو آڈیو یا ویڈیو فارمیٹ میں تبدیل کیا جا سکتا ہے، یا پھر وائس کمانڈ کے ذریعے مواد تک رسائی فراہم کی جاتی ہے، جس سے جسمانی معذوری کے باوجود مطالعہ آسان اور مؤثر ہو جاتا ہے۔

زبانوں کا ترجمہ: اے آئی کے ذریعے مختلف زبانوں کی کتابیں اور مواد قارئین کی مادری زبان میں یا کسی دوسری مطلوبہ زبان میں ترجمہ کیے جا سکتے ہیں۔ اس سے معلومات تک رسائی کا دائرہ وسیع ہوتا ہے اور تحقیق یا مطالعہ کی راہ میں حائل لسانی رکاوٹیں دور ہو جاتی ہیں۔

**لائبریری میں AI کے استعمال کے نمایاں فوائد**

**1 ریفرنس سروسز میں انقلابی تبدیلی:** لائبریری کا ریفرنس سیکشن اس کا بنیادی ستون سمجھا جاتا ہے۔ AI کی بدولت قارئین کو تحقیقی موضوعات سے متعلق کتب، مضامین اور ویب لنکس کی فہرست چند سیکنڈ میں فراہم کی جا سکتی ہے۔ مثلاً ماضی کی تہذیب پر تحقیق کرنے والے طالب علم کو محض چند لمحوں میں مستند مواد دستیاب ہو جاتا ہے۔

**2 کلاسیفکیشن اور کیٹلاگنگ کی خودکار سہولت:** کتابوں کی درجہ بندی (Classification) اور ان کو یونیک نمبر فراہم کرنا ایک وقت طلب اور مشکل عمل تھا۔ AI کے استعمال سے یہ کام چند سیکنڈ میں مکمل ہو جاتا ہے، مثلاً Advance Physics کی کتاب کے لیے خودکار طور پر نمبر 530 مختص کرنا۔ اس عمل میں غلطی کا امکان نہ ہونے کے برابر ہوتا ہے۔ اسی طرح آن لائن کیٹلاگنگ سسٹم کے ذریعے کتابوں کی فہرست سازی (Cataloguing) بھی برق رفتاری سے انجام پاتی ہے۔

**لائبریری میں AI کے ذریعے یوزر کی دلچسپی کا تجزیہ اور مواد کی فراہمی:** ماضی میں لائبریری میں آنے والے یوزر کی دلچسپی کو جاننا اور طویل مدت تک اس کا ریکارڈ محفوظ رکھ کر متعلقہ مواد فراہم کرنا ایک مشکل کام تھا۔ لیکن AI کے استعمال نے یہ عمل انتہائی آسان بنا دیا ہے۔ اب لائبریری سسٹم یوزر کے مطالعہ کی عادات، معلوماتی رجحانات اور تاریخی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے خودکار طور پر نئی کتابوں، میگزینز اور مضامین کی سفارش کرتا ہے، بالکل اسی طرح جیسے Netflix پر فلموں کی تجاویز دی جاتی ہیں۔

**معلومات کی تلاش میں آسانی:**

AI ٹیکنالوجی کی مدد سے لائبریری میں سرچ انجن کے ذریعے درست اور جامع معلومات حاصل کرنا نہایت تیز اور آسان ہو گیا ہے۔ یوزر کے سوالات یا تحقیقی موضوع کے مفہوم کی بنیاد پر متعلقہ کتب، مضامین اور آن لائن وسائل چند سیکنڈ میں دستیاب ہو جاتے ہیں۔

مثال کے طور پر، اگر کوئی شخص قدیم شاعری پر مواد تلاش کرنا چاہے تو AI نہ صرف قدیم شعرا بلکہ میر اور غالب سے متعلق مستند مواد فوری فراہم کر سکتا ہے۔

**تحقیقی مقالوں کی جانچ اور سرقہ کی پہچان:**

AI سسٹمز تحقیقی مقالوں کا تجزیہ کر کے یہ جانچ سکتے ہیں کہ آیا اس میں نقل شدہ مواد (Plagiarism) موجود ہے یا نہیں۔ یہ سہولت خاص طور پر یونیورسٹی کے طلبہ و طالبات کے لیے بے حد فائدہ مند ہے۔ مثال کے طور پر Grammarly اور Turnitin جیسے AI ٹولز مقالے کو اسکین کر کے اصل اور ماخوذ مواد کی نشاندہی کرتے ہیں۔

**لائبریری میں AI کے استعمال کے نقصانات**

1۔ ملازمین کی ضرورت میں کمی جب کیٹلاگنگ، کلاسیفکیشن اور ریفرنس سروس جیسے کام خودکار ہو جائیں گے تو اسٹاف کی ضرورت کم ہو جائے گی، خاص طور پر ان ملازمین کے لیے مشکلات پیدا ہوں گی جو صرف روایتی طریقوں پر کام کرتے ہیں۔

2۔ ڈیٹا پرائیویسی کا خطرہ AI یوزر کے مطالعہ، تلاش اور رجحانات کا تجزیہ کرتا ہے۔ اگر یہ ڈیٹا محفوظ کیا جائے تو اس کے لیک ہونے کا خطرہ موجود رہتا ہے۔

3۔ غیر منصفانہ نتائج کا امکان اگر AI سسٹم میں تعصب یا یک طرفہ ڈیٹا شامل ہو تو وہ مخصوص زبان یا مصنف کو کم اہمیت دے سکتا ہے، جو علمی توازن کے خلاف ہے۔

4۔ اعلیٰ تربیت اور مالی وسائل کی ضرورت AI کے مؤثر استعمال کے لیے ماہر عملہ، جدید کمپیوٹر لیب اور خاطر خواہ مالی وسائل درکار ہوتے ہیں۔

5۔ سماجی رابطے میں کمی لائبریری ہمیشہ ایک علمی و سماجی ادارہ رہی ہے جہاں لوگ ایک دوسرے سے تبادلہ خیال کرتے ہیں۔ AI کے بڑھتے استعمال سے لوگ اپنے مقام پر رہ کر مواد حاصل کرنے لگیں گے، جس سے باہمی روابط میں کمی آئے گی۔

6۔ مقامی زبانوں کی کمی زیادہ تر AI ماڈلز مغربی ڈیٹا پر تربیت یافتہ ہوتے ہیں۔ اگر مقامی زبانیں شامل نہ کی جائیں تو وہ مواد AI میں دستیاب نہیں ہوگا، جو لائبریری کے بنیادی مقاصد کے حصول میں رکاوٹ بن سکتا ہے۔

مصنوعی ذہانت (AI) لائبریریوں کے لیے ایک انقلابی قدم ہے جو سروسز کو خودکار، تیز اور جدید بنانے میں بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ اس سے وقت اور وسائل کی بچت ہوتی ہے اور یوزر کو ہر جگہ سے علمی مواد تک رسائی ملتی ہے۔ تاہم، اس کے ساتھ آنے والے چیلنجز جیسے ڈیٹا پرائیویسی، تکنیکی وسائل، اور سماجی روابط میں کمی پر توجہ دینا بھی اتنا ہی ضروری ہے تاکہ لائبریریاں جدیدیت اور انسانی قدروں کا توازن برقرار رکھ سکیں۔

حوالہ:

1.Turning A.M. Mind Jounal (1950). "Computing Machinary and Inteligence".
2.Norving P & Russel, S (2016). Artificial Inteligence A Modern Approach, Pearson.
3.Dr. Shakeel Anjum (2019) Emerging Trends in LIS, Delhi.
4.IFLA Report 2020, AI and LIbraries.
5. McCarthy, J. (1956) Darmouth AI Proposal.

ڈپٹی لائبریرین، ایرا یونیورسٹی سنٹرل لائبریری (لکھنؤ)

مثال کے طور پر، کووڈ-19 کے بعد ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے میدان میں غیر معمولی تیزی آئی، جس نے نہ صرف اس کے استعمال کو فروغ دیا بلکہ لوگوں کے سوچنے، سیکھنے، پڑھنے، لکھنے اور معلومات حاصل کرنے کے طریقوں کو بھی بدل دیا۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے اس عہد میں دنیا کے ہر کونے میں نئی سے نئی ٹیکنالوجی اپنائی جا رہی ہے، اور لوگ اس سے بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ تعلیم سے لے کر کھیل، طب سے لے کر پیتھالوجی، آن لائن ٹکٹ بکنگ سے لے کر خریداری، اور بینکنگ سے لے کر اے ٹی ایم کے ذریعے لین دین تک، ہر جگہ جدید ٹیکنالوجی نے اپنی جگہ بنالی ہے۔ کتابوں سے ای بکس تک، روایتی لائبریریوں سے آن لائن اور ورچوئل لائبریریوں تک، ٹیکنالوجی نے علم و مطالعہ کے طریقوں میں انقلاب برپا کر دیا ہے۔ موجودہ دور میں لائبریریوں میں بھی جدید ترین ٹیکنالوجی، خصوصاً مصنوعی ذہانت (AI)، تیزی سے رائج ہو رہی ہے۔

---

(افسانہ)

# خالی مکانوں کے مکین

مسعود تنہا

فاروق نے دروازہ کھولا تو شبانہ کے چہرے پر ایک لمحے کو سکون کا ہلکا سا عکس ابھرا، جیسے وہ اس انتظار میں بیٹھی ہو کہ وہ لوٹے، لیکن اگلے ہی لمحے وہ چہرہ پھر سے ویسا ہی سپاٹ اور اجنبی ہو گیا جیسا کئی مہینوں سے تھا۔ فاروق نے جوتے اتارے، بیگ میز پر رکھا، اور بنا کچھ کہے سیدھا اپنے کمرے میں چلا گیا۔

شبانہ نے کچن میں جا کر چائے کا پانی چولہے پر رکھا، اور کھڑکی سے باہر سست شام کی دھندلی روشنی کو دیکھتی رہی۔ زندگی جیسے ہر لمحہ پس منظر میں جا چکی تھی۔ روز کی یہی ترتیب تھی، ایک جیسی خاموش شامیں، ایک جیسے منتشر دن، اور درمیان میں ایک ایسا خلا، جو لفظوں، آنکھوں یا لمس سے پُر نہ ہو سکا۔

ایک زمانہ تھا جب ان کے درمیان الفاظ کی بھیڑ ہوتی تھی۔ صبح کی چائے پر باتیں، شام کے کھانے پر ہنسی، اور رات کو خوابوں کی سانجھ۔ شبانہ کا ہنسی سے لبریز جملہ آج بھی فاروق کے ذہن میں کبھی کبھی دستک دیتا تھا:

تم خاموش ہوتے ہو تو مجھے لگتا ہے جیسے ہم دو الگ دنیاؤں کے باشندے ہو گئے ہوں..."

مگر اب وہ دن بیت چکے تھے۔ اب وہ دونوں ایک ہی دنیا میں رہتے ہوئے بھی اجنبی تھے۔

فاروق بینک میں اسسٹنٹ منیجر تھا۔ ہر دن کی مشینی مصروفیات، فائلوں، میٹنگز اور رپورٹوں میں الجھ کر وہ اکثر خود کو زندہ لاش سا محسوس کرتا تھا۔ شبانہ نے تعلیم یافتہ اور سلجھی ہوئی عورت کی طرح اس گھر کو، اس رشتے کو سنبھالا تھا، لیکن فاروق کی سرد مہری کے سامنے رفتہ رفتہ اس کا جوش ماند پڑنے لگا۔

ان کے دو بچے تھے، علی اور فاریہ۔ علی اب کالج میں تھا، اور فاریہ اسکول کے آخری سال میں۔ وہ دونوں بھی اس خاموشی کے ماحول سے گھبرا گئے تھے۔ علی اکثر دوستوں کے گھر دیر تک رک جاتا، اور فاریہ نے اپنے آپ کو کتابوں میں گم کر لیا تھا۔ اُن کا گھر اب ایک ایسا مکان بن چکا تھا، جس میں افراد تو بستے تھے، لیکن کوئی مکالمہ، کوئی دھڑکن، کوئی زندگی نہیں تھی۔ صرف سانسیں تھیں، جو چلتی تھیں، اور در و دیوار، جو سنتے نہ تھے۔

ایک دن شبانہ نے امی کے گھر جانے کا ارادہ ظاہر کیا۔ فاروق نے رسمی لہجے میں پوچھا،

کب جاؤ گی؟" "کل۔ دو ہفتے رہوں گی۔"

ٹھیک ہے۔"

بس یہی تین جملے، جیسے دو سرکاری اہلکار کسی کاغذ پر دستخط کے لیے گفتگو کر رہے ہوں۔ شبانہ نے سوچا، شاید فاروق اسے روکے گا، شاید ایک سوال کرے گا، مگر ایسا کچھ نہ ہوا۔ جب وہ اگلے روز سامان کے ساتھ دروازے پر کھڑی تھی، تو فاروق نے محض اتنا کہا:

اپنا خیال رکھنا۔" اور شبانہ نے اس جملے میں بھی ایک رسمی مہربانی محسوس کی، محبت نہیں۔

شبانہ جب اپنے والدین کے گھر پہنچی تو کچھ لمحوں کے لیے زندگی دوبارہ رواں ہوئی۔ اماں نے سر پر ہاتھ پھیرا، اور ابا نے حسبِ معمول اخبارات کے ساتھ سیاسی گفتگو چھیڑ دی۔ چھوٹا بھائی، سعد، جو اب خود بھی شادی شدہ تھا، بہن کو دیکھ کر خوش ہوا، مگر آنکھوں میں تشویش تھی۔ ایک رات جب سب سو گئے، سعد کمرے میں آیا اور بولا،

آپ خوش نہیں ہو... نظر آ رہا ہے۔

شبانہ نے آنکھیں چُرا لیں۔

سب خیریت ہے۔ بس تھکن ہے۔"

سعد مسکرا دیا، مگر اُس کی مسکراہٹ میں خلوص کے ساتھ درد بھی شامل تھا۔

کسی دن دل کا بوجھ بھی ہلکا کر لیا کریں۔ ہم بہن بھائی صرف رسموں کے لیے نہیں ہوتے۔"

شبانہ کی آنکھیں نم ہو گئیں۔ وہ بولی نہیں، مگر دل کی ایک پرت جیسے کھل گئی۔ اُسے اپنے اندر کچھ ہلتا محسوس ہوا۔ برسوں کی دبی ہوئی خواہشیں، باتیں، لمس، قربت... سب ایک لمحے میں ایک تصویر بن کر آنکھوں کے سامنے آ گئے۔

فاروق اُدھر گھر میں بالکل تنہا تھا۔ بچوں سے بھی کترانے لگا تھا۔ سناٹا اب محض دیواروں میں نہیں، اُس کے اندر بھی گھر کر چکا تھا۔ جب چائے بنانی پڑی، تو اُسے شبانہ کے ہاتھوں کی گرمی یاد آئی۔ جب الماری سے کپڑے نکالے، تو وہ ترتیب یاد آئی جو وہ دیتی تھی۔ ایک رات علی کمرے میں آیا، اور بولا: ابو... امی سے بات ہوئی؟"

فاروق نے نفی میں سر ہلا دیا۔ "کبھی لگتا ہے، ہم سب مل کے بھی اکیلے ہو گئے ہیں۔"

یہ کہہ کر علی باہر نکل گیا، اور فاروق اپنی جگہ جیسے جم کر رہ گیا۔ اُسے لگا، اس کے بیٹے نے وہ بات کہہ دی ہے جو اس نے برسوں سے اپنے آپ سے بھی نہیں کہی تھی۔

شبانہ واپس لوٹی تو اس کے انداز میں سکون کا ایک ہلکا سا رنگ تھا، جیسے تھوڑا سا خود کو سمجھ آئی ہو۔ فاروق نے دروازہ کھولا، اور کچھ لمحے شبانہ کو دیکھتا رہا۔

آ گئی ہو؟"

ہاں..."

ٹھیک ہو؟" شبانہ چونکی۔ فاروق نے مدتوں بعد کوئی فکر جتانے والی بات کی تھی۔

ہاں۔ اب بہتر ہوں۔

فاروق نے سر ہلایا۔

اچھا ہے۔"

وہ پلٹ گیا، مگر اس کے چہرے پر کچھ تھا... شاید نرمی، شاید پچھتاوا، یا شاید دیر سے جاگی ہوئی کوئی انسیت۔

اُسی رات جب شبانہ چائے بنا کر لائی تو فاروق نے ایک کپ اُس سے لیتے ہوئے کہا،

تم نے ٹھیک کہا تھا، کبھی...... کہ دیواریں بڑھنے لگی ہیں۔"

شبانہ نے چونک کر اُس کی طرف دیکھا۔

ہاں...... میں نے کہا تھا۔"

مجھے احساس نہیں تھا...... کہ خاموشی بھی ایک جرم بن سکتی ہے۔

شبانہ کی آنکھوں میں نمی آ گئی۔

خاموشی کبھی کبھار محبت کو دفنا دیتی ہے، فاروق۔"

کمرے میں سناٹا تھا...... لیکن آج کا سناٹا اجنبی نہیں تھا۔ یہ وہ سناٹا تھا جو کسی پرانی، بچھڑی ہوئی محبت کے قدموں کی چاپ سننے سے پہلے چھا جاتا ہے۔ دونوں نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا...... اور ان کے درمیان جو خالی پن برسوں سے آباد تھا، آج پہلی بار تھوڑا سا پگھلا۔

(زیر طبع مجموعہ ٹھوکر نیاز بیگ سے)

☆☆☆☆☆☆

## وزارت کھیل نے ہندوستانی ٹیبل ٹینس فیڈریشن کی منظوری منسوخ کی

وزارت کھیل نے ہندوستانی ٹیبل ٹینس فیڈریشن کو بڑا جھٹکا دیا ہے۔ انتظامی خامیوں کا حوالہ دیتے ہوئے فیڈریشن کی منظوری کو منسوخ کر دیا گیا ہے۔ فیڈریشن کی طرف سے بار بار انتظامی ناکامی دیکھنے کو مل رہی تھی۔ کھلاڑیوں کے معاملے میں شفافیت بھی ایک مسئلہ بنی ہوئی تھی۔ انہی تمام وجوہات کے پیش نظر یہ فیصلہ لیا گیا۔ بدھ (12 اگست) کو خبر رساں ایجنسی (پی ٹی آئی) کی رپورٹ میں ٹیبل ٹینس فیڈریشن کی منظوری ختم کرنے کی بات کی گئی۔ ہندوستانی وزارت کھیل نے انڈین اولمپک ایسوسی ایشن (آئی او اے) سے کہا کہ ایک ایڈ-ہاک کمیٹی بنائی جائے، جو ملک میں ٹیبل ٹینس کے معاملات کی نگرانی کرے جب تک کہ صحیح گورننس اسٹرکچر بحال نہ ہو جائے۔ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ "آئی او اے بین الاقوامی ادارے (آئی ٹی ٹی ایف) سے مشاورت کر کے ایک اندرونی ریگولیٹری نظام بنانے کے لیے ضروری اقدامات کرے گا۔ اس میں ایک ایڈ-ہاک کمیٹی بنانا بھی شامل ہے۔ یہ تب تک کیا جائے گا جب تک ٹی ٹی ایف آئی میں صحیح طریقے سے گورننس اسٹرکچر بحال نہیں ہو جاتا۔" وزارت کی جانب سے کہا گیا کہ وقت پر انتخاب نہ کرا پانا اور پہلے جاری کیے گئے وجہ بتاؤ نوٹس کا اطمینان بخش جواب نہ دینا بھی معطلی کی وجوہات میں سے ایک رہا۔ واضح رہے کہ یہ صاف نہیں کیا گیا ہے کہ منظوری کب تک کے لیے منسوخ کی گئی ہے اور اسے کب بحال کیا جائے گا۔ قابل ذکر ہے کہ ہندوستان کی ٹیبل ٹینس فیڈریشن میں کام کاج اور مینجمنٹ کو لے کر ہمیشہ سے خدشات رہے ہیں۔

**نیٹ پیپر لیک معاملہ**

# راؤز ایونیو کورٹ نے سی بی آئی کی چارج شیٹ پر لیا نوٹس، سماعت آج




### سماعت کے دوران عدالت نے میڈیا میں معاملے کے گواہوں کے نام شائع کیے جانے پر سخت اعتراض کیا

نئی دہلی: (ایجنسی) نیٹ یو جی پیپر لیک معاملے میں راؤز ایونیو کورٹ نے مرکزی تفتیشی بیورو (سی بی آئی) کی جانب سے داخل کی گئی چارج شیٹ کا نوٹس لے لیا ہے۔ خصوصی عدالت میں ملزمان پر الزامات طے کرنے کے معاملے پر 13 اگست سے سماعت شروع ہوگی۔ سماعت کے دوران عدالت نے میڈیا میں معاملے کے گواہوں کے نام شائع کیے جانے پر سخت اعتراض کیا۔ عدالت نے کہا کہ یہ انتہائی حیران کن ہے کہ جو بات ابھی عدالت کے سامنے کبھی نہیں گئی، وہ چارج شیٹ کا حصہ ہے اور میڈیا میں سامنے آ رہی ہے۔ عدالت نے کہا کہ میڈیا کی بھی ذمہ داری ہے اور ایسی معلومات کو اس طرح شائع نہیں کیا جانا چاہیے۔ سی بی آئی نے بھی عدالت کو بتایا کہ میڈیا میں بعض گواہوں کے نام شائع کیے جارہے ہیں اور ان میں نابالغ گواہ بھی ہو سکتے ہیں۔ تفتیشی ایجنسی نے کہا کہ چارج شیٹ کے حصوں کو مسلسل اخبارات میں شائع کیا جارہا ہے۔ دریں اثنا، سی بی آئی نے نیٹ یو جی پیپر لیک معاملے میں مزید تفتیش کی اجازت کے لیے عدالت میں درخواست دائر کی ہے۔ عدالت نے اس درخواست پر ملزمان سے جواب طلب کیا ہے اور اس معاملے پر بھی جمعرات کو سماعت ہوگی۔

سی بی آئی نے نیٹ یو جی پیپر لیک معاملے میں تقریباً 20 ہزار صفحات پر مشتمل چارج شیٹ داخل کی ہے۔ چارج شیٹ میں لیش یادو، مانگی لال بیوال، دنیش بیوال، وکاس بیوال، شبھم کھیرنار، دھننجے لوکھنڈے، پرہلاد کلکرنی، تیجس ہرشد کمار، ڈاکٹر منوج شیرورے، شیوراج رگھوناتھ موٹے گاؤنکر، منیشا واگھمارے، منیشا مندھارے اور منیشا سنجے ہولدار کو ملزم بنایا گیا ہے۔ سی بی آئی کے مطابق 3 موضوعاتی ماہرین نے دہلی واقع این ٹی اے کے دفتر کے خفیہ شعبے سے نیٹ امتحان کے سوالات مختلف طریقوں سے باہر نکالے تھے۔ تفتیش میں سامنے آیا کہ خفیہ شعبے سے باہر نکلتے وقت ماہرین کی تلاشی نہیں لی جاتی تھی۔ چارج شیٹ میں کہا گیا ہے کہ این ٹی اے کے خفیہ شعبے میں ماہرین کے داخلے اور خروج کے وقت جانچ یا تلاشی کا کوئی باقاعدہ نظام نہیں تھا۔ اس کے علاوہ وقف شدہ سی سی ٹی وی لائیو فیڈ کی نگرانی کے لیے کنٹرول روم بھی موجود نہیں تھا، جس کی وجہ سے خفیہ ہال میں ماہرین کی سرگرمیوں پر موثر نگرانی نہیں ہوسکی۔ سی بی آئی نے الزام لگایا ہے کہ ایک ملزم نے سوالات کاغذ کی پرچیوں پر لکھ کر چھپا لیے، جبکہ دو دیگر ملزمان نے سوالات یاد کیے اور اپنے ہوٹل کے کمروں میں واپس جا کر انہیں تحریر کیا یا متعلقہ نصابی کتابوں میں متعلقہ مضامین کو نشان زد کیا۔ تفتیش کے مطابق ماہرین کو ترجمہ اور دوبارہ ترجمہ کے دوران عارضی کام کے لیے خفیہ شعبے میں سادہ کاغذ فراہم کیے گئے تھے۔ ملزم پی وی کلکرنی نے انہی کاغذات کا استعمال کرتے ہوئے کیمسٹری کے 135 سوالات اور ان کے جوابی اختیارات مختصراً نوٹ کیے تھے۔ سی بی آئی نے مزید کہا کہ بایولوجی، یعنی نباتیات اور حیوانیات، سے متعلق دستاویز تیجس دھابڑے نے 20 اور 21 اپریل 2026 کو سنیہا انجلی دیشمکھ اور دیا شندے کے نوٹس کی فوٹو کاپی سے ٹائپ کی تھی۔ یہ نوٹس منیشا سنجے واگھمارے نے دھننجے لوکھنڈے کے ذریعے ستیہ جیت سولنکی اور تیجس دھابڑے کو فراہم کیے تھے۔

## وزیر اعظم مودی نے نوجوانوں کو ہندوستان کی موجودہ طاقت قرار دیا، خدمت کے جذبے کو اجاگر کیا



نئی دہلی، (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے بدھ کے روز ہندوستان کے نوجوانوں کو نہ صرف ملک کا مستقبل بلکہ موجودہ دور میں اس کی "سب سے بڑی طاقت" قرار دیتے ہوئے ان کی حساسیت، خدمت کے جذبے اور صلاحیتوں کو سراہا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا، ہمارے نوجوان ساتھی نہ صرف ملک کا مستقبل ہیں بلکہ موجودہ دور میں اس کی سب سے بڑی طاقت بھی ہیں۔ انہوں نے اپنی حساسیت، خدمت کے جذبے اور صلاحیت کے ذریعے دنیا بھر میں ایک منفرد شناخت بنائی ہے۔ انہوں نے ایک سنسکرت شلوک بھی شیئر کیا: چکشوشا منسا وچا کرمنا چا چتوروِدھم، پرسادیاتی یو لوکام تام لوکونو پرسیداتی۔" اس شلوک کا پیغام یہ ہے کہ جو شخص نظر، ذہن، گفتار اور عمل کے چار ذرائع سے لوگوں کو خوش کرتا ہے یا ان کی خدمت کرتا ہے، معاشرہ بھی بدلے میں اسے محبت اور احترام دیتا ہے۔ وزیر اعظم کے اس پیغام نے نوجوانوں کو ہندوستان کے حال اور مستقبل کی ترقی کے مرکز میں رکھا، جبکہ ہمدردی، خدمت اور انفرادی صلاحیت کی اقدار کی طرف توجہ مبذول کرائی۔ انہوں نے عالمی سطح پر ملک کا نام روشن کرنے میں ہندوستانی نوجوانوں کے کردار کو بھی اجاگر کیا۔ مسٹر مودی نے قومی تعمیر میں نوجوانوں کی شمولیت کی اہمیت پر بارہا زور دیا ہے، خاص طور پر جدت طرازی، کاروباری صلاحیت، مہارت کی ترقی، ٹیکنالوجی اور عوامی خدمت کے شعبوں میں۔ حکومت نے ملک کی نوجوان آبادی کو ایک ترقی یافتہ ہندوستان کے اپنے وسیع تر وژن کو آگے بڑھانے میں ایک بنیادی طاقت کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ صلاحیت کے ساتھ ساتھ حساسیت اور خدمت کے جذبے کو اجاگر کرتے ہوئے، وزیر اعظم کے اس تازہ ترین پیغام کا مقصد یہ واضح کرنا تھا کہ ہندوستانی نوجوانوں کا تعاون صرف معاشی اور پیشہ ورانہ کامیابیوں تک محدود نہیں ہے۔ اس پیغام نے یہ بھی واضح کیا کہ معاشرے کے ساتھ ان کا لگاؤ، عوامی خدمت سے ان کی وابستگی اور وسیع تر برادری میں اپنا حصہ ڈالنے کا جذبہ، ملک کی پیشرفت کے لیے اتنا ہی اہم ہے۔

## بہار: آسمانی بجلی کی زد میں آنے کے سبب بانکا لکھی سرائے، نوادہ اور جموئی میں 12 جاں بحق

جموئی (ایجنسی) بہار کے بانکا، لکھی سرائے اور جموئی اضلاع میں آسمانی بجلی کی زد میں آنے کے سبب 9 افراد کی دردناک موت ہوگئی جبکہ 9 افراد شدید طور پر جھلس گئے۔ مرنے والوں میں زیادہ تر خواتین شامل ہیں۔ اس حادثے پر وزیر اعلیٰ سمراٹ چودھری نے گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے اور تمام مہلوکین کے لواحقین کو 4-4 لاکھ روپے کی امدادی رقم دینے کی ہدایت دی ہے۔ دوسری جانب نوادہ ضلع کے رجولی میں بھی اچانک بدلے موسم کے دوران دھان کی روپائی کررہے 3 مزدوروں کی آسمانی بجلی گرنے سے جان چلی گئی۔ بانکا ضلع میں آسمانی بجلی گرنے کے مختلف واقعات میں مجموعی طور پر 5 لوگوں کی موت ہوگئی اور کئی لوگ جھلس گئے۔ چاندن کے بوڑا-سوئیا گاؤں میں منگل کو دھان کی روپائی کے لیے گئیں کوشامی دیوی (45)، رینو دیوی (40) اور رنکو دیوی (45) کی موقع پر ہی موت ہوگئی، جبکہ اہل خانہ کو کھانا پہنچانے آئے 2 بچے سوربھ کمار (10) اور رانی کماری (12) جھلس گئے۔ بارش سے بچنے کے لیے سبھی ایک اونچی جھاڑی کے نیچے کھڑے ہوئے تھے تبھی یہ حادثہ ہوا۔ اس کے علاوہ بونسی کے سرائے گاؤں میں کھیت جارہے سریش یادو (70) اور سفیانہ خاتون (50) کی جان چلی گئی جبکہ مادھوری دیوی (42)، نسیمہ خاتون (40) و ایک دیگر خاتون جھلس گئیں۔ اسی طرح بینا موہن پور میں ظہیرہ خاتون (50) اور مریم خاتون (40) جھلس گئیں۔ لکھی سرائے اور جموئی اضلاع میں بھی آسمانی بجلی نے بھاری تباہی مچائی ہے۔ لکھی سرائے کے چانن علاقے کے تحت بنو بگیچہ بہیار میں دھان کی روپائی کے دوران ماں، بیٹی اور دیورانی اس کی زد میں آ گئیں، جن میں سریندر یادو کی بیٹی کومل کماری (17) اور چچی روداد دیوی (50) کی موت ہوگئی جبکہ ماں دھنونتی دیوی جھلس گئیں۔

## لال قلعہ، چاندنی چوک اور رنگ روڈ پر نو انٹری

### 15 اگست کے پیش نظر ٹریفک ایڈوائزری جاری

نئی دہلی: (ایجنسی) جشن یوم آزادی کی تیاریوں کے سلسلے میں دہلی ٹریفک پولیس نے 13 اگست کی فل ڈریس ریہرسل اور 15 اگست کی مرکزی تقریب کے لیے ٹریفک ایڈوائزری جاری کی ہے۔ دونوں دن لال قلعہ اور آس پاس کے علاقوں میں صبح 4 بجے سے 10 بجے تک کئی اہم سڑکیں عام گاڑیوں کے لیے بند رہیں گی۔ ان راستوں پر صرف پاس لگی ہوئی مجاز گاڑیوں کو آمدورفت کی اجازت ہوگی۔ نیتاجی سبھاش مارگ، لوتھین روڈ، ایس پی مکھرجی مارگ، چاندنی چوک روڈ، نشادراج مارگ، ایسپلینیڈ روڈ اور راج گھاٹ سے آئی ایس بی ٹی تک رنگ روڈ پر ٹریفک پابندیاں عائد رہیں گی۔ اس کے علاوہ انڈیا گیٹ سی-ہیکساگن، تلک مارگ، متھرا روڈ، بی ایس زیڈ مارگ، جے ایل این مارگ اور رنگ روڈ کے کچھ حصوں سے بھی عام لوگوں کو گریز کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

13 اگست کی ریہرسل کے لیے 12 اگست رات 12 بجے سے 13 اگست صبح 11 بجے تک نظام الدین کھٹہ سے وزیر آباد برج کے درمیان مال بردار گاڑیوں کی آمدورفت بند رہے گی۔ وہیں مہارانا پرتاپ آئی ایس بی ٹی اور سرائے کالے خان آئی ایس بی ٹی کے درمیان بین ریاستی بسیں بھی نہیں چلیں گی۔ اس کے بعد 14 اگست کی رات 12 بجے سے 15 اگست کی صبح 11 بجے تک یہی انتظام نافذ رہے گا۔ ڈی ٹی سی اور کلسٹر بسوں کے کئی روٹس تبدیل کیے جائیں گے۔ لال قلعہ، جامع مسجد اور پرانی دہلی ریلوے اسٹیشن کی جانب جانے والی بسوں کو کئی مقامات پر پہلے ہی روک کر متبادل راستوں پر بھیج دیا جائے گا۔ عام بس سروس صبح 11 بجے کے بعد بحال کردی جائے گی۔

جنوبی دہلی سے شمالی دہلی جانے والے لوگ اروبندو مارگ، صفدر جنگ روڈ، کمال عطاترک مارگ، کوٹلیہ مارگ، مدر ٹریسا کریسنٹ، پارک اسٹریٹ، مندر مارگ، پنچ کوئیاں روڈ اور رانی جھانسی روڈ کا استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کناٹ پلیس، منٹو روڈ، بھوبھوتی مارگ، اجمیری گیٹ اور نیا بازار کے راستے سے بھی سفر کیا جاسکتا ہے۔ مشرقی اور مغربی دہلی کے درمیان آنے جانے والی گاڑیاں این ایچ-24/این ایچ-9، نظام الدین کھٹہ، بارا پولا روڈ اور رنگ روڈ کا استعمال کرسکتی ہیں۔ ڈی این ڈی سے آنے والی گاڑیوں کو بھی بارا پولا روڈ کے ذریعے آگے جانے کا متبادل راستہ ملے گا۔ پرانی دہلی اور نئی دہلی ریلوے اسٹیشن، کشمیری گیٹ آئی ایس بی ٹی، ایل این جے پی اسپتال اور کستوربا اسپتال جانے والے مسافروں کے لیے بھی متبادل راستے مقرر کیے گئے ہیں۔ مسافروں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ گھر سے نکلنے سے پہلے اپنے راستے کی ضرور جانچ کرلیں اور وقت سے پہلے روانہ ہوں۔ سکیورٹی کے پیش نظر کیمرہ، دوربین، چھتری، ہینڈ بیگ، بریف کیس، ٹرانزسٹر، لائٹر، ٹفن باکس اور پانی کی بوتل جیسی اشیا کو تقریب گاہ کی جانب نہ لے جانے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ کسی مشتبہ شخص یا چیز کے نظر آنے پر فوری طور پر پولیس کو اطلاع دینے کی اپیل کی گئی ہے۔

## مراٹھی کا علم نہ رکھنے والے آٹو رکشہ اور ٹیکسی ڈرائیوروں کے لائسنس ہوں گے منسوخ، ریاستی حکومت کا اعلان

### ایک ماہ کے نوٹس کے بعد بھی زبان نہ سیکھنے پر لائسنس 3 ماہ معطل اور مسلسل خلاف ورزی پر مستقل منسوخ کیا جاسکے گا



ممبئی: (ایجنسی) مہاراشٹر حکومت نے آٹو رکشہ اور ٹیکسی ڈرائیوروں کے لیے مراٹھی زبان کا عملی علم لازمی قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ زبان سے ناواقف ڈرائیوروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی اور قواعد پر عمل نہ کرنے کی صورت میں ان کے لائسنس منسوخ کیے جاسکتے ہیں۔ مہاراشٹر کے وزیر ٹرانسپورٹ پرتاپ سرنائک نے بدھ کو اعلان کیا کہ ممبئی سمیت پورے مہاراشٹر میں آٹو رکشہ اور ٹیکسی چلانے والے ڈرائیوروں کے لیے مراٹھی کا کام چلاؤ علم ضروری ہوگا۔ حکومت اس سلسلے میں بدھ کو ایک سرکاری حکم نامہ جاری کرنے والی ہے، جس کے تحت موٹر وہیکل ایکٹ، 1988 کے تحت مہاراشٹر موٹر وہیکل (ترمیمی) قواعد، 2026 نافذ ہوں گے۔ ترمیم شدہ قواعد کے مطابق، جن ڈرائیوروں میں مراٹھی بولنے کا عملی یا کام چلاؤ علم نہیں ہوگا، انہیں پہلے ایک ماہ کا نوٹس دیا جائے گا۔ اگر وہ اس مدت کے اندر زبان سیکھنے میں ناکام رہتے ہیں تو ان کے ڈرائیونگ لائسنس کے اجازت نامے کو زیادہ سے زیادہ تین ماہ کے لیے معطل کیا جاسکتا ہے۔ اس کے بعد بھی قواعد کی خلاف ورزی جاری رہنے پر اجازت نامہ مستقل طور پر منسوخ کیا جاسکے گا۔ وزیر پرتاپ سرنائک نے کہا کہ یہ کوئی نیا قانون نہیں ہے بلکہ 1989 سے موجود ایک ضابطے کو سختی سے نافذ کرنے کی کوشش ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ڈرائیوروں کو مراٹھی سیکھنے کے لیے 15 اگست تک کا وقت دیا تھا۔ کئی ڈرائیوروں نے اس دوران زبان سیکھی، تاہم کچھ لوگ اب بھی مراٹھی سیکھنے سے انکار کر رہے ہیں۔

سرنائک نے کہا کہ کسی کے ساتھ ناانصافی نہ ہو، اس لیے ڈرائیوروں کو زبان سیکھنے کے لیے مناسب وقت دیا گیا، لیکن جو لوگ جان بوجھ کر قواعد کی خلاف ورزی کریں گے، ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔ مہاراشٹر موٹر وہیکل قواعد، 1989 کے قاعدہ 4 کی ذیلی دفعہ (4) میں ترمیم کرکے مراٹھی زبان کے 'کام چلاؤ علم' کو ڈرائیور اتھارائزیشن کے لیے لازمی اہلیت میں شامل کیا گیا ہے۔ نئے ضابطے کے تحت ڈرائیوروں کو دیگر شرائط کے ساتھ مراٹھی زبان میں عملی مہارت بھی ثابت کرنا ہوگی۔ نئے شامل کیے گئے قاعدہ 22 (3اے) کے تحت الیکٹرانک میٹر والی ایپ پر مبنی موٹر کیب چلانے والے ڈرائیوروں کے لیے بھی مراٹھی کا کام چلاؤ علم لازمی ہوگا۔ لائسنسنگ حکام کو پہلی بار قواعد کی خلاف ورزی پر اجازت نامہ زیادہ سے زیادہ تین ماہ کے لیے معطل کرنے اور بار بار خلاف ورزی کی صورت میں اسے مستقل طور پر منسوخ کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔ اسی طرح قاعدہ 78 کی ذیلی دفعہ (2) میں نئی شق شامل کرکے پرمٹ ہولڈرز کے لیے بھی مراٹھی کا عملی علم ضروری کر دیا گیا ہے۔ ترمیم شدہ قاعدہ 85 (1) کے تحت کیب اور ٹیکسی پرمٹ کی تجدید کے لیے مقامی ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی تسلی کے مطابق مراٹھی زبان میں عملی مہارت کا ثبوت دینا بھی ضروری ہوگا۔

## کاویری آبی تنازع پر کرناٹک بند کے حوالے سے تنظیموں میں اختلافات

بنگلورو، (یو این آئی) تمل ناڈو کو کاویری دریا کا پانی چھوڑے جانے کی مخالفت میں جمعرات کے روز مجوزہ کرناٹک بند کے حوالے سے بدھ کے روز تذبذب اور غیر یقینی کی صورتحال برقرار رہی۔ مختلف کنڑ نواز تنظیموں کے درمیان بند کے حوالے سے باہمی اتفاق رائے قائم نہیں ہوسکا ہے۔ بند کے حامی تمل ناڈو کو پانی چھوڑے جانے کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں اور ساتھ ہی میکے داتو، مہادائی اور کلاسا-بندوری جیسے طویل مدتی آبپاشی منصوبوں کو جلد مکمل کرنے کا مطالبہ بھی کر رہے ہیں۔ اس احتجاج کی فوری وجہ کاویری واٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی وہ ہدایت ہے جس میں کرناٹک کو اگلے 15 دنوں کے لیے تمل ناڈو کو روزانہ 000,12 کیوسک پانی چھوڑنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اس ہدایت سے کسانوں اور کنڑ تنظیموں میں شدید غصہ پایا جاتا ہے۔ مظاہرین کا موقف ہے کہ تمل ناڈو کو پانی دینے سے قبل کرناٹک کو پینے کے پانی اور زراعت سے متعلق اپنی ضروریات پوری کرنی چاہئیں۔

## چندر شیکھرن کے استعفیٰ کے باعث ٹاٹا گروپ کے بڑے اسٹاک 'کریش'، 50 ہزار کروڑ روپے سے زائد کا نقصان



ٹاٹا سنز کے چیئرمین کے عہدے سے این چندر شیکھرن نے استعفیٰ دے دیا ہے۔ ان کے استعفیٰ دینے کی خبر آتے ہی بدھ کو کاروبار کے دوران ٹاٹا گروپ کے تمام شیئرز میں بھاری گراوٹ دیکھنے کو ملی۔ خاص طور پر ٹاٹا کنسلٹنسی سروسز (ٹی سی ایس)، تیجس نیٹورکس اور ٹاٹا موٹرس سب سے زیادہ گرے۔ ہندی نیوز پورٹل 'آج تک' پر شائع خبر کے مطابق ٹاٹا گروپ کے تمام شیئرز میں بھاری گراوٹ کی وجہ سے ٹاٹا گروپ کے مارکیٹ کیپ میں بھاری گراوٹ آئی۔ مجموعی طور پر 50 ہزار کروڑ روپے سے زائد کا نقصان ہوا ہے۔ ٹاٹا سنز کا عہدہ چھوڑنے کے بعد این چندر شیکھرن دوبارہ چیئرمین کے عہدے کے لیے اپلائی نہیں کریں گے۔ انہوں نے یہ عہدہ 18 اگست کو ہونے والی ٹاٹا گروپ کی سالانہ جنرل میٹنگ (اے جی ایم) سے قبل چھوڑا ہے۔ حالانکہ اب بھی وہ بورڈ کے رکن برقرار رہیں گے۔ واضح رہے کہ این چندر شیکھرن کے استعفیٰ کی خبر آنے کے بعد ٹی سی ایس کے شیئرز میں 5.59 فیصد کی گراوٹ آئی، جس سے یہ ٹاٹا گروپ کے شیئرز میں سب سے زیادہ گراوٹ درج کرنے والا شیئر بن گیا۔ تیجس نیٹورکس میں 2.17 فیصد کی گراوٹ آئی، جبکہ ٹاٹا موٹرس پی وی شیئر میں 3 فیصد کی گراوٹ درج کی گئی۔ اس کے علاوہ ٹاٹا کمیونیکیشنز کے شیئرز میں 1.25 فیصد کی گراوٹ آئی، جبکہ ٹاٹا ایلکسی کے شیئرز میں 1.19 فیصد کی گراوٹ درج کی گئی۔ ٹاٹا پاور کے شیئرز میں 2 فیصد اور ٹاٹا اسٹیل کے شیئرز میں 0.99 فیصد کی گراوٹ آئی۔ انڈین ہوٹلز کمپنی کے شیئرز 0.83 فیصد گرے، ٹاٹا ٹیلی سروسز (مہاراشٹر) کے شیئرز 0.80 فیصد گرے اور وولٹاس کے شیئرز 0.56 فیصد نیچے آئے۔ ٹاٹا کیپیٹل میں 0.23 فیصد کی گراوٹ آئی جبکہ ٹرینٹ میں 0.13 فیصد کی گراوٹ درج کی گئی۔ اسی طرح ٹاٹا انویسٹمنٹ کے شیئرز میں 0.78 فیصد کی گراوٹ آئی ہے۔ نیلکو کے شیئرز میں 1.64 فیصد کی گراوٹ ہے۔ ٹاٹا کمرشل وہیکل کے شیئرز میں 2.34 فیصد کی گراوٹ ہے۔ ٹاٹا گروپ کی سرکردہ کمپنی ٹائٹن کے شیئرز میں بھی 2.30 فیصد کی گراوٹ دیکھنے کو ملی ہے۔ ٹاٹا گروپ کے ٹرینٹ شیئر میں بھی گراوٹ دیکھی جارہی ہے۔ ٹاٹا کنزیومر پروڈکٹس کے شیئرز میں بھی 1.67 فیصد کی گراوٹ آئی ہے۔

## بارش سے بھرت پور کے بیانہ میں نظام زندگی درہم برہم

بھرت پور، (یو این آئی) راجستھان کے بھرت پور کے بیانہ علاقے میں منگل کی دیر شام ہوئی موسلا دھار بارش کے بعد کچھ دیر کے لیے معمولات زندگی درہم برہم ہوگئے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق قصبے میں سڑکوں پر پانی کے تیز بہاؤ کے ساتھ دو پہیہ گاڑیاں اور دیگر سامان بہہ گیا، جبکہ بارش کا پانی دکانوں میں داخل ہوگیا۔ اناج منڈی میں رکھی فصلیں بھیگ گئیں۔ اس دوران علاقے کے قدرتی آبشار بھی رواں ہوگئے۔ بارش کے بعد قصبے کے کئی علاقوں میں گھٹنوں تک پانی جمع ہوگیا۔ سڑکوں پر تیز بہاؤ اور جگہ جگہ گہرے گڑھے ہونے کی وجہ سے دو پہیہ گاڑی سواروں کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

## کبھی تکنیکی خامیاں، کبھی اے سی خراب تو کبھی نشے میں پائلٹ

### فضا میں ہندوستانی ایوی ایشن کی سنگین لاپرواہی!



نئی دہلی۔ (ایجنسی) ہندوستانی ہوا بازی کا شعبہ اس وقت انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے۔ گزشتہ کچھ ہفتوں میں یکے بعد دیگرے تکنیکی خامیاں، ایمرجنسی لینڈنگ، عملے کے اراکین کی لاپرواہی اور پروازوں میں ہو رہی تاخیر کی خبریں موصول ہو رہی ہیں، جس نے ایئر لائنز کے مینٹیننس پر سنگین سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ خواہ وہ پھوکیت سے دہلی آ رہی ایئر انڈیا کی فلائٹ میں آئی دقت ہو یا اسپائس جیٹ کے اے سی میں خرابی ہو۔ گزشتہ چند دنوں میں فلائٹس سے متعلق کتنے معاملات سامنے آئے ہیں، آئیے ذیل میں جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔ منگل کو کولکاتہ سے چنئی آ رہی انڈیگو کی فلائٹ 6ای-723 کے بائیں انجن میں لینڈنگ سے عین قبل خرابی آ گئی تھی۔ اس فلائٹ میں 224 مسافر سوار تھے۔ ہندی نیوز پورٹل 'اے بی پی نیوز' پر ذرائع کے حوالے سے شائع خبر کے مطابق پائلٹ کی اطلاع کے بعد چنئی ایئرپورٹ پر گزشتہ کل دیر رات 29:11 بجے مکمل طور پر ایمرجنسی نافذ کی گئی۔ طیارہ نے 37:11 بجے رنوے 25 پر محفوظ لینڈنگ کی۔ تمام 224 مسافر اور عملے کے اراکین محفوظ ہیں۔ منگل کو ہی وارانسی ایئرپورٹ پر اچانک پروازوں کی آمدورفت کو روکنا پڑا تھا۔ رنوے پر آئی تکنیکی خرابی کی وجہ سے تقریباً 2 گھنٹے تک کوئی بھی فلائٹ اڑان نہیں بھر سکی اور نہ ہی کسی طیارہ کی لینڈنگ ہو پائی تھی۔ ایئرپورٹ اتھارٹی کے مطابق رنوے میں آئی تکنیکی خرابی کا بروقت پتہ لگا لیا گیا اور ضروری جانچ کے بعد اسے ٹھیک کر دیا گیا۔ اسی وجہ سے کسی بھی طرح کے حادثے سے بچا جاسکا۔

دہلی سے پونے جا رہی اسپائس جیٹ کی فلائٹ میں اڑان بھرنے سے قبل ہی اے سی خراب ہوگیا۔ اے سی خراب ہونے کی وجہ سے مسافر غصے میں آ گئے۔ فلائٹ میں مسافروں کے ہنگامہ کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر خوب وائرل ہو رہی ہے۔ دوسری جانب پھوکیت سے دہلی آ رہی ایئر انڈیا کی پرواز اے آئی 2379 اچانک 300 فیٹ نیچے آ گئی تھی۔ اس دوران 24 افراد کو چوٹیں آئیں تھیں، طیارہ میں 137 مسافر سوار تھے۔ پہلے اسے ٹربلونس کہا گیا تھا لیکن اب صرف اتنا کہا گیا ہے کہ طیارہ کی اونچائی میں اچانک تبدیلی آئی تھی۔ ایئر کرافٹ ایکسیڈنٹ انویسٹی گیشن بیورو (اے اے آئی بی) نے اس کی تحقیقات اپنے ہاتھ میں لی ہے اور اب حیران کر دینے والا انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹس کے مطابق فلائٹ کے پائلٹ ان کمانڈ کا 'سائیکو ایکٹو سبسٹنس ٹیسٹ' کرایا گیا تھا، جو شروعات میں پازیٹو آیا تھا۔ اس کے بعد سیمپل کو ایک اور لیب میں بھیجا گیا تھا۔ لیب سے آئی رپورٹ میں کنفرم ہوگیا ہے کہ پائلٹ نے گانجا کا استعمال کیا ہوا تھا۔ واقعے کے وقت پائلٹ کاک پٹ میں اپنی سیٹ پر تھے یا نہیں اس کو لے کر سوال اٹھ رہے ہیں۔ فلائٹ کے اچانک نیچے آنے پر کو-پائلٹ نے کمان سنبھالی تھی۔ انہوں نے طیارے کو مستحکم کیا اور اسے دہلی میں بحفاظت لینڈ کرایا تھا۔ قابل ذکر ہے کہ ان دنوں ہو رہی بارش کا اثر نوئیڈا انٹرنیشنل پر صاف طور سے دیکھنے کو مل رہا ہے۔ ایئرپورٹ پر کئی فیٹ تک پانی بھر گیا۔ یہ پانی ایگزٹ گیٹ کے انڈر پاس پر جمع تھا، جس کی وجہ سے لوگوں کو باہر جانے میں دقت پیش آ رہی تھی۔

## مساجد، مدارس اور دیگر مذہبی اداروں کے پولیس سروے پر اے پی سی آر کی وضاحت کا مطالبہ

نئی دہلی، (یو این آئی) ایسوسی ایشن فار پروٹیکشن آف سول رائٹس (اے پی سی آر) کے مغربی بنگال چیپٹر نے ریاست کے مختلف علاقوں میں مساجد، مدارس، عیدگاہوں اور مزارات کی انتظامیہ کو مبینہ طور پر فراہم کیے جانے والے سروے فارمس پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مغربی بنگال حکومت اور پولیس سے ان کی قانونی حیثیت، مقصد اور اختیار کے بارے میں واضح اور عوامی وضاحت کا مطالبہ کیا ہے۔ اے پی سی آر کے مطابق، اس کے پاس دستیاب سروے فارمس میں متعلقہ مذہبی اداروں کے انتظامی ڈھانچے اور حیثیت سے متعلق متعدد معلومات طلب کی گئی ہیں۔ ان میں ادارے کی مذہبی وابستگی، زمین کی ملکیت، مالی وسائل اور فنڈنگ، غیر ملکی زائرین یا طلبہ کی آمد، ماضی کے مقدمات، ایف آئی آر اور چارج شیٹس کے علاوہ بعض سیاسی یا تنظیمی نوعیت کی معلومات بھی شامل ہیں۔ اے پی سی آر کا کہنا ہے کہ مذہبی اداروں سے اس نوعیت کی حساس معلومات کا حصول ایک سنجیدہ انتظامی اور قانونی معاملہ ہے۔ ایسی کوئی بھی کارروائی واضح، قابل شناخت اور باقاعدہ سرکاری حکم، مجاز اتھارٹی اور متعین قانونی دائرۂ کار کے تحت ہونی چاہیے، تاکہ متعلقہ اداروں کو یہ معلوم ہو کہ معلومات کس اختیار کے تحت، کس مقصد کے لیے اور کس قانونی بنیاد پر طلب کی جارہی ہیں۔ تنظیم کے مطابق، اس وقت اس کے پاس موجود فارمس میں کسی واضح حکومتی نوٹیفکیشن، میمو نمبر، تاریخ، جاری کرنے والی اتھارٹی یا مخصوص قانونی شق کا حوالہ نمایاں طور پر موجود نہیں ہے۔ اس صورتِ حال میں اے پی سی آر نے ایک بنیادی اور جائز سوال اٹھایا ہے کہ اگر یہ فارم کسی سرکاری یا پولیس حکم کے تحت جاری کیے گئے ہیں تو متعلقہ حکم نامہ متعلقہ مذہبی اداروں اور عوام کے سامنے کیوں نہیں رکھا گیا؟

اے پی سی آر نے خاص طور پر ان سوالات پر تشویش ظاہر کی ہے جن میں مساجد اور دیگر مذہبی اداروں کی مذہبی یا مسلکی وابستگی سے متعلق معلومات طلب کی گئی ہیں۔ تنظیم کا کہنا ہے کہ حکام کو واضح کرنا چاہیے کہ ایسی معلومات حاصل کرنے کا مقصد کیا ہے، یہ معلومات سروے کے مبینہ انتظامی مقصد سے کس طرح متعلق ہیں اور ان کا استعمال کس قانونی و انتظامی ضرورت کے تحت کیا جائے گا۔ اے پی سی آر نے اس امر کی بھی وضاحت کی ہے کہ محکمہ اقلیتی امور و مدرسہ تعلیم، مغربی بنگال کی جانب سے شروع کیا گیا ریاست گیر مدرسہ سروے ایک الگ معاملہ ہے۔ کسی مجاز سرکاری محکمے کی جانب سے منظور شدہ مدرسہ سروے کا وجود، بذاتِ خود، پولیس یا کسی دوسرے ادارے کے ذریعے الگ نوعیت کے فارم جاری کرنے یا اضافی اور حساس معلومات جمع کرنے کے اختیار کا ثبوت نہیں بن سکتا۔ ہر الگ سروے یا معلومات جمع کرنے کی کارروائی کی اپنی واضح قانونی اور انتظامی بنیاد ہونی چاہیے۔ اے پی سی آر نے مغربی بنگال حکومت اور مغربی بنگال پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ عوامی طور پر واضح کریں کہ:

یہ سروے فارم کس سرکاری یا پولیس اتھارٹی کی جانب سے جاری کیے گئے ہیں؟

ان کے اجرا کی قانونی اور انتظامی بنیاد کیا ہے؟

مذہبی اداروں سے یہ معلومات کس مخصوص مقصد کے لیے طلب کی جارہی ہیں؟ اور

جمع کی جانے والی معلومات تک کن حکام یا اداروں کو رسائی حاصل ہوگی، انہیں کس طریقے سے محفوظ رکھا جائے گا اور مستقبل میں ان کا استعمال کس ضابطے کے تحت کیا جائے گا؟

